درود و سلام کے نفحات و برکات بانٹنے والی، اور مشکلات و خطرات دفع کرنے والی
نیز مشائخ و اکابر کے معمولات میں رہنے والی دو گراں قدر اور مقبول ترین کتابیں

دَلائِل الخیرات

از امام ابو عبد اللہ محمد بن سلیمان الجزولی علیہ الرحمہ م ۸۷۰ھ

مع

حِزبُ البَحر

از شیخ ابو الحسن علی بن عبد اللہ الشاذلی علیہ الرحمہ م ۶۵۶ھ



ترتیب و تقدیم:
مولانا محمد افروز قادری چریاکوٹی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

درود و سلام کے سدا بہار گجرے نچھاور کرنے والی اور بارگاہِ رسول ﷺ میں شرفِ قبول پا جانے والی شہرۂ آفاق کتاب مُستطاب سات اَحزاب پر مشتمل ایک جدید و مفید ترتیب کے ساتھ

دَلائل الخیرات

وَشَوَارِقُ الأَنوَار فِي ذِكرِ الصَّلٰوةِ عَلَى النَّبِيِّ المُختَارِ ﷺ

تصنیف لطیف

إمام أبو عبد الله محمَّد بن سليمَان الجزولي عَلَيْهِ الرَّحْمَةُ

{ولادت ۸۰۷ھ---وفات ۸۷۰ھ}

تقدیم وتہذیب

محمد اَفروز قادری چریاکوٹی

دلاص یونیورسٹی، کیپ ٹاؤن، جنوبی افریقہ

بِأَبِی أَنتَ وَ أُمِّی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیکَ أَیُّھَا النَّبِیُّ الأُمِّیُّ ﷺ

تفصیلات

کتاب : دلائل الخیرات و شوارق الانوار
فی ذکر الصلوٰۃ علی النبی المختار ﷺ

مصنف : امام ابوعبداللہ **محمد بن سلیمان الجزولی** علیہ الرحمہ

تقدیم وتہذیب : **محمد افروز قادری چریاکوٹی** غفرلہٗ
afrozqadri@gmail.com

غایت : نسبتِ رسالت سے وابستگی اور فروغِ برکاتِ درود

تصویب : مفکرِاسلام **علامہ محمد عبدالمبین نعمانی** قادری مدظلہ

صفحات : 136 (ایک سو چھتیس)

اِشاعت اول : ربیع الاوّل ۱۴۴۳ھ ------ اکتوبر 2021ء

اِشاعت دوم : محرم الحرام ۱۴۴۴ھ ------ اگست 2022ء

قیمت : دعاے خیر وسعادت براے معاونین

تقسیم کار : **اِدارہ فروغِ اسلام، چریاکوٹ، متو**، پن کوڈ: 276129

فہرست کتاب

نمونۂ اجازات وسندِ دلائل الخیرات	04
عرضُ الغرض	07
مؤلفِ دلائل الخیرات	10
کچھ اِس کتاب پر کام کی بابت	14
پڑھنے کے آداب واصول	17
درودوسلام کے بعض مُستند فضائل	19
الأسماء الحُسنیٰ	26
أسمآء النبی ﷺ	28
نیتِ آغازِ دلائل الخیرات	35
پہلا حزب Monday	36
دوسرا حزب Tuesday	48
تیسرا حزب Wednesday	60
چوتھا حزب Thursday	72
پانچواں حزب Friday	84
چھٹواں حزب Saturday	101
آخری حزب Sunday	118
دعاے ختم دلائل الخیرات	133

برکاتِ اِجازت

مفتی الدیار الہندیۃ، تاج الشریعۃ، معالی الفضیلۃ العلامۃ **محمد اختر رضا خان الازہری** علیہ الرحمۃ

الاجازات

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للّٰہ الملک المنعام والصلوٰۃ والسلام علیٰ سیدنا محمّد النعمة المُهداة رحمة للأنام و علیٰ آله الكرام و صحبه العظام و من تبعهم باحسان الی قیام الساعة و ساعة القیام و بعد !

فقد استجزت لقراءة 'دلائل الخیرات' فها انا ذا أُجیز المُستجیز القاري محمّد افروز القادري ابن محمّد مظهر النعماني بها و بكل ما أُجزت من مشائخی الكرام –رحمهم اللّٰہ تعالیٰ–

و أسئل اللّٰہ –سبحانه و تعالیٰ– أن یسدد خطاي و خطاه و یوفقنا بما یحبه و یرضاه و أوصیه بملازمة السنة و مصاحبة أهلها و مجانبة البدعة و مفارقة أهل الهویٰ و الاستقامة علی نهج الهدیٰ .

توقیعُ المُجیز

فقیر محمد اختر رضا القادری الازہری غفر لہ

۱۷/ رجب المرجب ۱۴۳۵ھ

إجازة ذهبية للدلائل

کشتۂ عشق رضا، خلیفۂ مفتی اعظم ہند، فضیلۃ الشیخ العلامۃ **محمد عبد الھادی القادری الرضوی** مدظلہ العالی

بسم الله الرحمن الرحيم

إجازة دلائل الخيرات الشريفة

الحمد لله الرحيم الرحمن * الكريم المنان * الذى أكرمنا بنعمة الإيمان * وشرفنا ببعثة خير الأنام * منتهى سلاسل الأنبياء العظام * سيدنا وسندنا محمد عليه أفضل الصلوٰة وأتم السلام * وعلى آله وصحبه الكرام * من يومنا هذا إلى قيام القيام * وبعد فهذا من المعلوم أن الإسناد من الدين وَلَوْ لَا الْإِسْنَادُ لَقَالَ مَنْ شَاءَ مَا شَاءَ * ولذلك الأمور الشرعية والبركات الروحانية تحتاج إلى سندٍ متصلٍ * وقد أعزنى الوهاب الجليل بإجازة ذهبية لقراءة دلائل الخيرات الشريفة * من أوحد العرفاء وقدوة الصلحاء الشيخ أبي النور أحمد عادل خورشيد القادرى الشاذلى الشامى * وهو قد أخذ من شيخه العارف بالله الشيخ عارف عثمان الشامى * وهو مباشرة عن السيد الأعظم والسند الأفخم صلوات ربي وسلامه عليه * وقد استجزت لقراءتها من العزيز المحترم علامہ مولانا محمد افروز قادری چریا کوٹی فها أنا ذا أجيز المستجيز * خالصًا لوجه الله الكريم * وأجزته لغيره ممن أحبّ واستحق * وأسأل الله جل فى علاه أن يسدد خطاى وخطاه * ويوفقنا لما يحبه ويرضاه * وأوصيه بملازمة السنة ومصاحبة أهلها * ومجانبة البدعة ومفارقة أهل الهوىٰ * والاستقامة على الهدى ونهج السُّعداء * وصل اللّٰهم على سيد الدنيا والدين إمام المحبوبين * وعلى آله وصحبه الغر الميامين * وابنه الكريم سلطان العارفين الغوث الأعظم سيدنا الشيخ محى الدين عبد القادر الجيلانى * برحمتك يا أرحم الراحمين.

العبد المذنب

الفقیر محمد عبد الهادی القادری

١٨ ربيع النور الشريف ١٤٣٣ هجرى

مطابق ١١ فبرائر ٢٠١٢ء

سَند الدلائل

بسم الله الرحمٰن الرحيم ۞ اللهم صل وسلم وبارك على سيدنا ومولانا محمَّد وعلىٰ آله وصحبه وأهل حبه وحزبه ۞ وبعد! فيقول الفقير إلى الله الراجي شفاعة رسول اللهﷺ فخرالدين بن أحمد أويسي المدني: أروي الكتاب المبارك "دلائل الخيرات" عن فضيلة الشيخ السيد أحمد المالكي الحسني المكي ۞ عن أبيه محدث الحرمين الشريفين السيد محمَّد المالكي ۞ عن أبيه المدرس الأكبر بالمسجد الحرام السيد علوي المالكي ۞ عن العلامة السيد عيدروس البار المكي ۞ عن السيد سالم البار المكي ۞ عن مفتي مكة المكرمة السيد محمَّد الحبشي ۞ عن العارف بالله السيد عبدالله بن طاهر العلوي الحضرمي ۞ عن السيد عبد الرحمن بن علوي الحضرمي ۞ عن السيد عبدالرحمن بلفقيه الحضرمي ۞ عن الشيخ أحمد النخلي المدني ۞ عن السيد وجيه الدين عبدالرحمن المحجوب المغربي ۞ عن السيد أحمد الحسيني المحجوب المغربي ۞ عن السيد محمَّد الحسيني المكناسي المغربي ۞ عن السيد أحمد الحسيني المغربي ۞ عن جامع الكتاب الإمام العارف بالله السيد محمَّد بن سليمان الجزولي الحسني نسبا والمراكشي مدفنا رضي الله تعالىٰ عنهم أجمعين ۞ وبهذا السند المتصل المبارك، أجيز أخانا الكريم الفاضل النحرير الأديب النبيل الأستاذ الجليل مولانا محمَّد أفروز القادري الهندي حفظه الله ورعاه ۞ في تلاوة الكتاب المبارك دلائل الخيرات مع كامل الشروط والآداب (المذكورة في محلها) ۞ مع تدبر المعاني والمدلولات ۞ محبةً وشوقاً وتعظيمًا لجناب سيدنا رسول الله ﷺ و إمتثالا لأمر المولى عزوجل: إِنَّ اللهَ وَ مَلَٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّونَ عَلَى ٱلنَّبِيِّ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ اٰمَنُوا۟ صَلُّوا۟ عَلَيْهِ وَ سَلِّمُوا۟ تَسْلِيمًا۔

اللهم صل على سيدنا محمَّد الفاتح لما أغلق ۞ و الخاتم لما سبق ۞ ناصرالحق بالحق ۞ الهادي إلى صراطك المستقيم ۞ و على آلهٖ حق قدره و مقداره العظيم ۞ و أرجو منه دعوة صالحة لي و لسائر أهل السلسلة ۞ تقبل الله منا جميعا بمحض فضله و مَنِّه و كرمه و جوده۔

و كتبه آذنا و مجيزا:

فخرالدين بن أحمد أويسي المدني

نزيل مدينة كيب تاؤن بجمهورية جنوب إفريقيا

السابع من جُمادى الآخرة ١٤٤٢هـ ۔ العشرون من جانوري 2021ء

عرض الغرض

عجیب فیض ہے آقا ﷺ تری محبت کا
درود تجھ پہ پڑھوں اور خود سنور جاؤں!

صَلَوَاتُ رَبِّی وَسَلَامُهٗ عَلَیْكَ وَعَلٰی آلِكَ یَا حَبِیْبِی یَا رَسُوْلَ اللهِ ﷺ

درود و سلام کے فضائل و برکات مسلّم ہیں۔ یہی اِعزاز کیا کم ہے کہ درود و سلام پڑھنے والے پر خود اللہ رب العزت درود بھیجتا ہے اور اسے اپنی بے پایاں رحمتوں سے حصہ عطا فرماتا ہے۔ یاد رہے کہ درود و سلام سنتِ الٰہیہ بھی ہے اور سنتِ ملائکہ بھی۔ مزید یہ کہ درود و سلام بارگاہِ الوہیت اور بارگاہِ رسالت سے خصوصی تعلق و قربت قائم کرنے کا ایک مجرب ترین نسخہ ہے۔ یہ آقاے دوعالم ﷺ کی توجہات واَلطاف، اور عنایت و زیارت کا وسیلہ ہونے کے ساتھ مصطفٰے جانِ رحمت ﷺ کی بارگاہ اقدس سے شرفِ جواب دلانے والا ایک سنہرا ذریعہ بھی ہے۔ درود و سلام کی قبولیت نہ صرف یقینی ہے بلکہ یہ' دعا اور دیگر اَعمالِ صالحہ کی قبولیت کو بھی یقینی بنا دیتا ہے۔ یہ دنیا و آخرت کے تمام غموں، اُلجھنوں اور پریشانیوں کا مداوا ہے، اور اس سے جسمانی و روحانی ہر طرح کی پاکیزگی وطمانیت ملتی ہے۔ المختصر! درود و سلام ایک منفرد وظیفہ، بے مثل عبادت، عظیم الشان دعا اور قطعی القبول عمل ہے۔ اس کے اَجر و ثواب کی کوئی اِنتہا نہیں اور یہ بندے کی دنیوی و آخروی فلاح و کامیابی کا بہترین ضامن ہے۔

حضور اکرم، رحمت عالم، نور مجسم ﷺ پر صلوٰۃ وسلام بھیجنے کا صریح حکم قرآن حکیم میں وارد ہوا ہے۔ جب کہ درود وسلام کو پڑھنے کے فضائل، افضل مواقع اور گوناگوں صیغہ ہاے درود متعدد کتب حدیث میں دستیاب ہیں۔ اس عمل کی بے پایاں برکت واہمیت اور اس کے کثیر الفوائد ہونے کے باعث ہر دور میں اَجلہ علما وافاضل اُمت نے اپنی سعادت مندی کے لیے درود وسلام پر مشتمل چھوٹی بڑی بہت سی کتابیں تصنیف کیں، جن میں بعض کو عالمگیر شہرت نصیب ہوئی، انھیں میں ایک شہرۂ آفاق کتاب '**دلائل الخیرات**' بھی ہے۔

یہ نویں صدی کی شاہکار تالیف ہے۔ ہرچند کہ اس کے قبل وبعد سینکڑوں کتابیں درود وسلام کے فضائل اور ان کے متنوع صیغوں کے تعلق سے معرضِ وجود میں آئیں؛ لیکن جو قبولِ وشہرتِ دوام دلائل الخیرات کے حصے میں آئی، وہ بلامبالغہ کسی اور کو نہ مل سکی!۔ غالباً درود وسلام کی اوّلین کتاب تیسری صدی ہجری میں بصرہ کے اندر لکھی گئی، جس کے مصنف نامور قاضی شیخ اسماعیل ازدی مالکی)م ۲۸۲ھ(تھے۔

دلائل الخیرات یوں توشہر مراکش میں تالیف کی گئی؛ لیکن اس کی مقبولیت بہت جلد جغرافیائی حدوں کو توڑ کر دنیا جہان کے کونے کونے میں پھیل گئی، اور کیا سلاطین واَساطین، کیا اَولیا وصوفیہ، کیا علما وفضلا اور کیا عوام وخواص سب کے سب اس کے چشمہ صافی سے سیراب وفیضیاب ہوئے، اور صبح قیامت تک ہوتے رہیں گے۔

اَمر واقعہ یہ ہے کہ دنیاے اِسلام کا شاید ہی کوئی خطہ ہوگا، جہاں دلائل

الخیرات کا مینہ نہ برسا ہو۔ اور دنیا جہان کی شاید ہی کوئی ایسی زندہ زبان میں ہو، جس میں اس کا مہتم بالشان ترجمہ نہ کیا گیا ہو۔ اس کی شروحات نے بھی ایک ریکارڈ قائم کر دیا ہے اور لکھنے والوں میں وقت کے مشاہیرِ اَعلام اور فضلاے یگانہ شامل ہیں۔

قرآن مجید فرقانِ رشید کے بعد ایسی کتاب کم دیکھنے میں آئی جس پر طلائی کام کا اہتمام ہوا ہو؛ لیکن دلائل الخیرات کے ایسے کئی ایک نسخے ملتے ہیں جنھیں آبِ زرّیں سے لکھا گیا ہے اور جن کا حاشیہ سیم وزر کی کڑھائی سے مرصّع کیا گیا ہے۔ دنیا بھر کے کئی کتب خانوں اور عجائب گھروں میں اس کے بہت سے قلمی نسخے آج بھی پوری تب و تاب کے ساتھ موجود اَربابِ ذوق و عشق کو دعوتِ نظارہ دے رہے ہیں، جن میں متعدد سونے کے پانی سے لکھے گئے اور خطاطی کے اعلیٰ و نادر نمونے مانے گئے ہیں۔

نامور فاضل و شیخ جسٹس پیر محمد کرم شاہ الازہری نے دلائل الخیرات کی اِنفرادیت و جامعیت کے تعلق سے ایک بڑا دل آویز اور نپا تلا تجزیہ پیش کیا ہے، چنانچہ وہ رقم طراز ہیں:

''دلائل الخیرات درود پاک کے اُن تمام صیغوں پر مشتمل ہے جو مختلف اَسناد سے مروی ہیں اور اس کو اتنا قبول عام نصیب ہوا کہ تمام سلاسلِ تصوف میں اس کی تلاوت کی جاتی ہے اور اس کو باعث سعادت و نجات تصور کیا جاتا ہے۔ برصغیر پاک و ہند کے چاروں مشہور سلسلوں قادریہ، چشتیہ، سہروردیہ اور نقش بندیہ میں اس وظیفہ کو پابندی سے پڑھا جاتا ہے اور جن اہل دل حضرات نے اس کو اپنا معمول بنایا ہے،

انھیں ان برکات کا ذاتی مشاہدہ ہے جو اس کے طفیل بارگاہِ الٰہی سے انھیں ارزاں ہوتی ہیں۔)مجموعہ وظائف مع دلائل الخیرات، ص : ۱۱(

برصغیر ہندوپاک میں دلائل الخیرات سے وابستگی صدیوں پرانی روایت ہے۔ یہاں ہنوز پورے شوق و محبت کے ساتھ اس کی کتابت وقراءت کا عمل جاری ہے،اس کے متعدد نایاب قلمی نسخے مختلف جامعات اور لائبریریوں میں محفوظ ہیں، شروح وحواشی کی تالیف کا سلسلہ بھی جاری ہے، اجازت وروایت کے سلاسل قائم ہیں، سند محفوظ کرنے کے اِہتمامات ہورہے ہیں، اوردیگرزبانوں میں تراجم کا عمل بھی جاری ہے۔

مؤلفِ دلائل الخیرات : آپ کا اسم گرامی سید محمد بن عبدالرحمن بن ابو بکر بن سلیمان جزولی تھا؛ لیکن علمی دنیا میں آپ شیخ محمد بن سلیمان الجزولی کے نام سے متعارف ہیں۔ ۸۰۷ھ کو سادات کے ایک مقتدر ومعزز گھرانے میں تولد ہوئے۔ آپ کی تعلیم وتربیت کا بھرپوراہتمام ہوا، اورآپ اپنے وقت کے نامور عارف باللہ، عالم عامل، شیخ کامل، قطب زماں اورفقیہ یگانہ بن کر علمی وروحانی دنیا میں ابھرے۔ آپ کے آباوٴاَجداد شہر فاس سے ہجرت کرکے قریۂ جزولہ میں آبسے تھے۔

آپ عقیدتاً اشعری، مذہباً مالکی، مشرباً شاذلی، متوطناً جزولی اور سیدنا امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نسل پاک سے تھے۔ آپ کا حلقۂ اِرادت بہت وسیع تھا۔ ہزارہا ہزار فرزندانِ اسلام آپ کے ہاتھ پر بیعت تھے۔ شاذلی سلسلہ کی شاخ جزولیہ آپ ہی سے منسوب ہے۔ اکابراولیا میں آپ شمار کیے جاتے ہیں۔

سیدنا امام جزولی علیہ الرحمہ کا سینہ محبت رسول کا مدینہ بنا ہوا تھا۔ آپ تلاوت قرآن پر نہایت حریص، کتاب وسنت پر سختی سے کاربند، اور بحر مراقبہ ومکاشفہ کے شناور تھے۔ آپ کی زبان ہر وقت درود وسلام سے تر رہا کرتی تھی۔ شب خیزی واشک ریزی زندگی بھر کا معمول رہا۔ سیر وسیاحت سے اللہ واسطے کی دلچسپی تھی۔ روزوں کا کثرت سے اہتمام فرماتے تھے۔ تین برس تک مسجد نبوی شریف میں معتکف رہے اوراس دوران دلائل الخیرات کی تلاوت کو آپ نے اپنے اوپر لازم کرلیا تھا۔

آپ نے چھوٹی بڑی کئی کتابیں تصنیف کیں، جن کی مکمل تعداد نامعلوم ہے، بعض کتب یہ ہیں: **حزب سبحان الدائم، حزب الفلاح، المسبعات العشر ❁ كتاب في التصوف ❁ رسالة التوحيد ❁ عقيدة الجزولي ❁ كتاب أسماء الصحابة البدريين ❁ أجوبة في الدنيا والدين ❁ النصح التام لمن قال ربي الله ثم استقام** وغیرہ؛ لیکن **دلائل الخيرات وشوارق الأنوار في ذكر الصلاة على النبي المختار** ﷺ ان میں سب سے مشہور ومقبول ہوئی کہ آج محض اس ایک کتاب کی وجہ سے جہانِ علم وروحانیت میں آپ کے نام کی دھوم مچی ہوئی ہے۔

۱۶ ربیع الاوّل ۸۷۰ھ میں آپ نے داعی اجل کو لبیک کہا، اور غریق رحمت الٰہی ہوئے۔ افغال میں سات برس قیام کے بعد زہر کے اَثر سے فجر کی نماز میں بحالت سجدہ آپ کی وفات ہوئی، اور اپنی قائم کردہ ایک مسجد کے صحن میں مدفون ہوئے، جہاں سے عرصہ دراز تک خوشبو کی لپٹیں آتی رہیں۔

پھر کوئی ستہترّ)۷۷(سال بعد شاہ مراکش سلطان ابوالعباس احمد بن محمد اعرج سعدی)م۹۶۵ھ(کی خواہش و حکم پر آپ کی نعش مراکش منتقل کی گئی۔

اس موقع پر ایک خصوصی تقریب کا انعقاد ہوا، اور انتقال نعش کے وقت قبر میں آپ کے جسد مبارک کو جوں کا توں مہکتا دمکتا دیکھا گیا، اور پونا صدی سے زائد کا زمانہ بیت جانے کے باوجود آپ کے جسم میں کوئی تبدیلی واقع نہ ہوئی تھی؛ حتیٰ کہ آپ نے وصال سے پہلے سر اور داڑھی کا جو خط بنوایا تھا وہ بھی بالکل ویسا ہی فریش تھا۔ کسی شخص نے آپ کے چہرۂ مبارک کو انگلی سے دبایا تو اس مقام سے خون ہٹ گیا اور جب انگلی ہٹائی تو خون پھر اپنی جگہ واپس آگیا جس طرح ایک زندہ انسان کا ہوتا ہے۔ ازاں بعد شہر مراکش کے مشہور قبرستان 'ریاض العروس' میں آپ کی تدفین عمل میں آئی، اور ایک نہایت پرشکوہ وعالی شان گنبد اس پر تعمیر کیا گیا۔ آپ کا مزار پر انوار آج بھی خوشبوؤں میں بسا ہوا مرجع خلائق بنا ہوا ہے۔

صاحب مطالع المسرّات علامہ فاسی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ امام جزولی کی قبر انور سے آج بھی کستوری کی مہک آتی ہے۔ ہزاروں زائرین آپ کے مزارِ پرانوار پر حاضر ہوتے ہیں اور دلائل الخیرات کی تلاوت کرکے برکاتِ دارین سے مالامال ہوتے ہیں۔

آپ کے فضائل ومناقب پر کئی ایک اہم تذکرے لکھے گئے، جن میں بعض مشاہیرِ اَعلام کی وقیع کتب یہ ہیں: **ممتع الأسماع فی الجزولی والتباع وما لهما من الأتباع** ۞ **تحفة الكرام المبذولة فی**

بعض مناقب غوث الأنام قطب جزولة ۞ مناقب الجزولی ۞ النعم الجلائل فی التعریف بالشیخ مولف الدلائل ۞ مناقب الإمام الجزولی ۞ محمد بن سلیمان الجزولی ۞ التعریف الشمولی بالامام الجزولی وغیرہ۔

وجہِ تالیف کا قصہ : دلائل الخیرات کی تالیف کا قصہ بھی بڑا عجیب و غریب ہے، جسے امام یوسف بن اسماعیل النبہانی نے اپنی معروف کتاب 'الدلالات الواضحات علی دلائل الخیرات' کے 'فائدۂ خامسہ' کے تحت سیدی عارف باللہ شیخ احمد الصاوی المصری کے حوالے سے قلم بند کیا ہے کہ مؤلف دلائل الخیرات شیخ محمد بن سلیمان الجزولی رحمۃ اللہ علیہ ایک مرتبہ سفر میں تھے، ظہر کی نماز کا وقت ختم ہو رہا تھا اور پانی نہیں تھا۔ تلاش و جستجو کے بعد ایک کنواں تو نظر آیا؛ مگر وہاں رسی اور ڈول نہ تھا۔ شیخ بحالت سراسیمگی اِدھر اُدھر چکر لگا رہے تھے کہ ایک خردمند بچی نے پریشانی کی وجہ دریافت کی۔ شیخ کے بتلانے پر اس نے کنویں میں اپنا لعاب ڈال دیا۔ اس کے تھوکتے ہی پانی کنارے تک اُبل آیا۔

شیخ نے حیران ہوکر وجہ دریافت فرمائی، تو ہونہار بچی نے کہا : شیخ! یہ برکت فلاں درود کی ہے، جس کا میں ہمیشہ ورد کرتی رہتی ہوں۔ چنانچہ شیخ نے اس سے وہ درود پاک سیکھا اور اس کی اجازت حاصل کی۔ وہ درود شریف یہ تھا۔)اسے ''صلاۃ البئر'' بھی کہا جاتا ہے(:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً دَآئِمَۃً مَّقْبُوْلَۃً تُؤَدِّیْ بِھَا عَنَّا حَقَّہُ الْعَظِیْمَ۔

معاً دِل میں یہ داعیہ پیدا ہوا کہ درود شریف پر مشتمل کتاب تحریر کرنی چاہیے؛ چنانچہ آپ نے ''دلائل الخیرات'' نامی یہ مجموعہ تیار فرمایا۔ جس میں بطور خاص وہ درود، نیز دوسرے درود پاک جمع فرمائے۔)الدلالات الواضحات علی دلائل الخیرات : ۶۱تا۶۲(

کچھ اِس کتاب پر کام کی بابت : دلائل الخیرات شریف بلاشبہہ درود پاک کی ایک جامع، مستند اور مفید ترین کتاب ہے۔ نیز یہ مجموعۂ صلوات بالیقین خزینۂ برکات وخیرات اور زینۂ سعادات وفتوحات ہے۔ زمانۂ تالیف سے لے کراَب تک یہ عامۃ الناس کے علاوہ ہزاروں بلکہ لاکھوں مشائخ کبار اوراَسلافِ اُمت کے معمولات کا اٹوٹ حصہ رہا ہے۔ بطور وظیفہ دنیا بھر میں کثرت سے پڑھی جانے والی کتاب کا اعزاز بھی اسے حاصل ہے۔ نیز بلادِ اسلامیہ میں اس کے کثیر تعداد میں حفاظ بھی موجود ہیں۔

قارئین باتمکین کو یقیناً پتا ہوگا کہ مصنفِ علام کے عہد مسعود ہی میں دلائل الخیرات کو بے پناہ مقبولیت مل چکی تھی؛ اس لیے اس دور میں اپنے بعض ممتاز تلامذہ وخلفا کی فرمائش واصرار پر علامہ نے الفاظ وترتیب کے تھوڑے بہت چناؤ و بدلاؤ کے ساتھ دلائل الخیرات کے کئی نسخے تیار کرائے، اور مختلف دیار واَمصار میں روانہ کر دیے گئے۔ آج بھی اس کے متعدد نسخے

قدرے فرق کے ساتھ مشاہیر مکتبات میں پائے جاتے ہیں۔

اس کام کا داعیہ میرے دل میں یوں پیدا ہوا کہ برصغیر ہندوپاک میں صدیوں سے دلائل الخیرات کے جو نسخے مروّج و معروف ہیں، وہ آٹھ اَحزاب پر مشتمل ہیں، جن کی قراءت و تلاوت یک گونہ الجھن کا باعث ہوتی ہے، اور غالباً اسی دشواری کے باعث یہاں قارئین کی اس کی قراءت پر مواظبت ومداومت نہیں ہوپاتی، اور خواہی نہ خواہی یہ سلسلۂ خیر و برکت موقوف ہو جاتا ہے۔ جب کہ عالم عرب میں دلائل الخیرات شریف کے جو جدید اور قدرے قدیم محقَّق نسخے دستیاب ہیں وہ دِنوں کی مناسبت سے ہفت حزبی ہیں، اور تلاوت وقراءت کے تعلق سے نہایت سہل واطمینان بخش اور سریع الاستفادہ ہیں۔

سلطنت عثمانیہ کے آخری چشم وچراغ جلالۃ الملک سلطان عبدالحمید الثانی نے بھی سات حزب والے اس نسخے کی شاندار شاہانہ طباعت کرا کے اس کی برکات وفتوحات کو عام کرنے کے لیے دنیاے اسلام میں فروغ دینے کی مومنانہ اور عقیدت مندانہ کوشش کی تھی، جس کے زرّیں نسخے آج بھی اربابِ ذوق و عشق کے یہاں پائے جاتے ہیں۔

اِس سلسلے میں محکمۂ اَوقاف دبئ کے مدیر اعلیٰ مشہور عالم ربانی، محدث وفقیہ، فضیلۃ الدکتور شیخ عیسیٰ بن عبداللہ بن مانع حمیری کی ہمہ جہت مساعی لائق ستائش ہیں، جنھوں نے شیخ سید مہدی احمد اور ڈاکٹر شیخ محمد عبدالرب

نظاری کی کڑی نگرانی میں دلائل الخیرات کا وہی ہفت حزبی نسخہ مرحلہ طباعت سے گزارا، جو دراصل متحدہ عرب امارات کی اہم ریاست دبئ کے نائب حاکم و وزیر خزانہ و صنعت سمو الشیخ حمدان بن راشد آل مکتوم کے شاہی مصارف پر ۲۰۰۲ء کو ۱۵۲ صفحات پر شائع ہوا۔ دلائل الخیرات کی قراءت وتلاوت اوراس پر مواظبت و مداومت برتنے کے حوالے سے اس نسخے کو بلامبالغہ نہایت ہی شان دار اور جامع مانا گیا ہے۔

چنانچہ ہم نے بھی اسی نسخے پر اِعتماد کرتے ہوئے اس کے متن کی دیگر مستند نسخوں سے ایک بار مراجعت کر کے سند اطمینان حاصل کرلی ہے۔ ساتھ ہی اَخیر میں محدث وفقیہ، مدرسِ حرم مکی، شیخ احمد بن محمد نخلی نقشبندی)م ۱۱۳۰ھ(کی مشہور ومقبول دعا بھی شامل کردی ہے جو کہ بعض نسخوں میں موجود تھی۔ علاوہ بریں بزرگوں سے اس ہیچمداں کو جو دلائل الخیرات کی اسناد واجازات موصول ہوئی تھیں ان میں سے بعض تیمُّناً ذکر کردی ہیں، اور پھر بہت سے ارباب علم وکمال اور صاحبانِ حال وقال کی طلب وفرمائش پر امام جزولی علیہ الرحمہ تک منتہی سند متصل کی ہم نے ترسیل بھی کردی ہے۔

کئی بار دلائل الخیرات شریف پر کام کرنے کی دھن لے کر اُٹھا؛ مگر پھر کچھ دوسرے کام آڑے آجاتے اور یہ معرضِ تعویق میں چلا جاتا۔ پھر اللہ کا کرنا کچھ یہ ہوا کہ ۲۰۲۰ء کے آغاز ہی میں عالمی مہلک بیماری ''کورونا وائرس'' سے بچاؤ کے لیے پورے ملک کا لاک ڈاؤن کرنا ناگزیر ہوگیا، جس نے زندگی کے ہر شعبے کو بری طرح متاثر کیا؛ لیکن اہل علم و تحقیق کے لیے قیدوبند کے یہ لمحات نہایت برکت آفریں اور کارآمد ثابت ہوئے۔ چنانچہ

اس لاک ڈاؤن میں جہاں فقیر قادری کے کئی ایک اَدھورے کام پورے ہوئے، وہیں دلائل الخیرات کے برسوں سے پڑے نامکمل کام کو بھی بحمداللہ عزوجل پایۂ تکمیل تک پہنچنا نصیب ہوگیا۔

ہر دور میں علما و مشایخ نے اس کی تلاوت پر مواظبت برتی ہے اور اپنے تلامذہ و مسترشدین کو اس پر مداومت برتنے کی وصیت کی ہے۔ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ العزیز نے بھی الوظیفۃ الکریمہ میں صبح کے اوراد کے تحت لکھا ہے کہ دلائل الخیرات شریف کا ایک حزب روز پڑھا جائے۔

دلائل الخیرات کے انوار و تجلیات کو عام و تام کرنے کی یہ ایک ادنیٰ کاوش ہے۔ مقصد بس اتنا ہے کہ نسبت رسالت سے تعلق و وابستگی میں پختگی لائی جائے، خدا بیزاری و دین دوری کے ماحول پر قدغن لگایا جائے اور فیوضات و فتوحاتِ صلوات کی کرنیں گھر آنگن تک پہنچانے کا مومنانہ فریضہ انجام دیا جائے۔ مجھے اُمید ہے اس 'درودی مشن' کے فروغ میں آپ کی مخلصانہ مساعی ضرور ہماری پشت پناہی کریں گی۔ اللہ بس باقی ہوس!۔

دلائل الخیرات پڑھنے کے آداب واُصول: دلائل الخیرات کی برکات و فتوحات سے پورے طور پر مالامال ہونے کے لیے حتی المقدور ان اُصول و آداب کو ملحوظ تلاوت رکھا جائے۔

ہر حزب کی تلاوت کے آغاز سے پہلے کوشش کریں کہ آپ خود کو باوضو، باخوشبو، قبلہ رو اور یکسو پائیں۔ اَب مندرجہ ذیل اوراد کو پڑھیں:

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ — تین مرتبہ

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ — تین مرتبہ

حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ — تین مرتبہ

ان کے بعد استعاذہ و بَسملہ کے ساتھ سورۂ اخلاص کا تین مرتبہ ورد کریں۔ نیز سورۂ فلق، سورۂ والناس اور سورۂ فاتحہ کو بھی ایک ایک دفعہ پڑھیں۔ پھر اَسماے حسنیٰ کا ورد کرکے ''دعاے آغازِ دلائل الخیرات'' پڑھیں۔ اَب جس بھی دن کا حزب ہو اس کی تلاوت وقراءت سے قلب و روح کو محظوظ و منور کریں۔ پھر تکمیل کے بعد اگر ممکن وفرصت ہو تو اخیر میں دی ہوئی ''دعاے ختم دلائل الخیرات'' کو پڑھ لیں کہ بڑی جامع، زود اثر اور روح پرور ہے۔ سال کی بعض مبارک راتوں اور اہم دنوں میں پوری دلائل کو یکبارگی ختم کرنے کا معمول بھی عندالاکابر مشہور ومتداول ہے۔ یاد رہے کہ اَسماء النبی اگر روزانہ نہ پڑھ سکیں تو ہفتہ، عشرہ یا مہینہ میں دو ایک بار اس کا ورد ضرور کرلیا کریں کہ یہ بھی کثیر فوائد وبرکات کا سرچشمہ ہے۔

دعا ہے کہ اللہ جل مجدہ ہماری اِس عاجزانہ کاوش و عمل کو محض اپنی اور اپنے پیارے حبیب مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی رضا وخوشنودی کے لیے قبول فرمائے اور اسے مولف ومرتب اور ناشر وقاری ہر ایک کے حق میں توشہ آخرت، ذریعہ نجات اور وسیلہ بلندیِ درجات بنائے۔ آمین یارب العالمین بجاہ سید الانبیاء والمرسلین علیہ وعلیٰ آلہ اکرم الصلوۃ وافضل التسلیم۔

الرّاجی رحمۃ ربہ وشفاعۃ رسولہ

محمد اَفروز قادری چریاکوٹی

بروز یکشنبہ ۲۱؍رجب المرجب ۱۴۴۲ھ۔۔۔ مطابق 7مارچ 2021ء

درود وسلام کے بعض مُستند فضائل

اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اپنے پیارے حبیب لبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درودوسلام پڑھنے کا قطعی و حتمی حکم قرآن مقدس کی سورۂ اَحزاب میں دیا ہے، اور اس شان سے کہ پہلے اس کریم رب نے خود اس ختمی مرتبت پیغمبر برحق ﷺ پر اپنے مقرب فرشتوں کے ساتھ درود بھیجنے کا اہتمام کیا ہے اور پھر بادۂ توحید کے متوالوں اور فرزندانِ اسلام کو اس سعادت آفریں عمل میں شرکت کرنے کی دعوتِ عام دی ہے۔

اس میں کوئی شبہہ نہیں کہ اللہ ربُّ العزّت نے جو مقام ومرتبہ حضور تاجدارِ کائنات ﷺ کو عطا فرمایا ہے، ویسی شان و عظمت اس نے کسی اور کو نہ بخشی۔ مصطفیٰ جانِ رحمت ﷺ کی شانِ رفعت اور علومرتبت کا صحیح اندازہ کل قیامت کے دن ہو گا، جب تمام انبیاے کرام ومرسلین عظام علی نبینا وعلیھم الصلوٰۃ والسلام بھی ہمارے پیارے آقا و مولیٰ ﷺ کی شفاعت کے طلب گار وآرزومند دکھائی دیں گے۔

اللہ تعالیٰ نے جہاں اپنے محبوب ﷺ کو بے پایاں خصائص وکمالات سے نوازا ہے، وہیں ایک خاص الخاص وصف جو صرف آپ ہی کے ساتھ مختص ہے وہ درودپاک ہے، جس میں نہ کوئی رسول و نبی آپ کے ساتھ شریک ہے اور نہ کوئی مقرب فرشتہ۔

احادیث میں درود وسلام کے بہت سے فضائل بیان ہوئے ہیں، موقع کی مناسبت سے یہاں ان میں بعض مستند فضیلتوں کو اختصار کے ساتھ ذکر کرنے کی سعادت حاصل کی جاتی ہے۔ اس سلسلے میں سب سے اہم روایت و واقعہ نامور عاشق رسول حضرت سیدنا ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کا ہے :

1: عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ رضی اللہ عنہ قَالَ : قُلْتُ : يَا رَسُوْلَ اللهِ، إِنِّي أُكْثِرُ الصَّلَاةَ عَلَيْکَ، فَكَمْ أَجْعَلُ لَکَ مِنْ صَلَاتِي؟ فَقَالَ : مَا شِئْتَ، قَالَ : قُلْتُ : الرُّبُعَ؟ قَالَ : مَا شِئْتَ، فَإِنْ زِدْتَ فَهُوَ خَيْرٌ لَکَ۔ قُلْتُ : النِّصْفَ؟ قَالَ : مَا شِئْتَ، فَإِنْ زِدْتَ فَهُوَ خَيْرٌ لَکَ۔ قَالَ : قُلْتُ : فَالثُّلُثَيْنِ؟ قَالَ : مَا شِئْتَ، فَإِنْ زِدْتَ فَهُوَ خَيْرٌ لَکَ۔ قُلْتُ : أَجْعَلُ لَکَ صَلَا تِي كُلَّهَا، قَالَ : إِذًا تُكْفَى هَمَّکَ وَيُغْفَرُ لَکَ ذَنْبُکَ۔ (ترمذی، حدیث:۲۴۵۷۔۔۔ مسند احمد بن حنبل، حدیث:۲۱۲۸۰)

یعنی حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے عرض کیا : یا رسول اللہ! میں کثرت سے آپ پر درود بھیجتا ہوں۔ پس میں آپ پر کتنا درود بھیجا کروں ؟ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا : جس قدر تم چاہو؟ انہوں نے عرض کیا : کیا میں اپنی دعا کا چوتھائی حصہ آپ پر درود بھیجنے کے لیے خاص کر دوں ؟ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا : جتنا تو چاہے، لیکن اگر تو اس میں اضافہ کرلے تو یہ تیرے لیے بہتر ہے۔ میں نے عرض کیا :) یا رسول اللہ! (آدھا حصہ خاص کر دوں ؟ ،

آپ ﷺ نے فرمایا : جتنا تو چاہے، لیکن اگر تو اس میں اضافہ کرلے تو یہ تیرے لیے بہتر ہے۔ میں نے عرض کیا :) یارسول اللہ! (دو تہائی کافی ہے ؟ ، آپ ﷺ نے فرمایا : جتنا تو چاہے، لیکن اگر تو اس میں اضافہ کرلے تو یہ تیرے لیے بہتر ہے۔ میں نے عرض کیا :) یارسول اللہ! (میں ساری دعا آپ پر درود بھیجنے کے لیے خاص کرتا ہوں۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا : پھر تو یہ درود ہی تمہارے تمام غموں) کو دور کرنے (کے لیے کافی ہو جائے گا اور) اسی کے باعث (تمہارے تمام گناہ معاف کر دیے جائیں گے۔

2: حضرت اوس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ سرکار ابد قرار ﷺ نے فرمایا :

إِنَّ مِنْ أَفْضَلِ أَيَّامِكُمْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، فِيْهِ خُلِقَ آدَمُ، وَفِيْهِ قُبِضَ، وَفِيْهِ النَّفْخَةُ، وَفِيْهِ الصَّعْقَةُ، فَأَكْثِرُوْا عَلَيَّ مِنَ الصَّلَاةِ فِيْهِ، فَإِنَّ صَلَاتَكُمْ مَعْرُوْضَةٌ عَلَيَّ، قَالَ : قَالُوْا : يَا رَسُوْلَ اللهِ، كَيْفَ تُعْرَضُ صَلَاتُنَا عَلَيْكَ وَقَدْ أَرِمْتَ؟ قَالَ: يَقُوْلُوْنَ: بَلِيْتَ۔ قَالَ : إِنَّ اللهَ عزوجل حَرَّمَ عَلَى الْأَرْضِ أَجْسَادَ الْأَنْبِيَاءِ۔ (ابوداؤد، حدیث:۱۰۴۷۔۔۔نسائی، حدیث:۱۳۷۴۔۔۔ابن ماجہ، حدیث:۱۰۸۵)

یعنی بیشک تمہارے ایام میں سے جمعہ کا دن سب سے بہتر ہے۔ اس دن حضرت آدم علیہ السلام پیدا ہوئے اور اسی دن انہوں نے وفات پائی اور اسی دن صور پھونکا جائے گا اور اسی دن سخت آواز ظاہر ہوگی۔ پس اس دن مجھ پر کثرت سے درود بھیجا کرو؛ کیونکہ تمہارا درود مجھے پیش کیا جاتا ہے۔ صحابہ کرام نے عرض

کیا : یا رسول اللہ! ہمارا درود آپ کے وصال کے بعد آپ کو کیسے پیش کیا جائے گا؟ جبکہ آپ کا جسدِ مبارک بوسیدہ ہوچکا ہوگا؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا : بیشک اللہ عزوجل نے زمین پر انبیاے کرام کے جسموں کو) کھانا یا کسی بھی قسم کا نقصان پہنچانا (حرام کردیا ہے۔

3: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی کہ حضوراکرم ﷺ نے فرمایا :

مَنْ صَلَّى عَلَيَّ وَاحِدَةً، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرًا۔ (مسلم، حدیث:۴۰۸)

یعنی جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے، اللہ اس پر دس رحمتیں نازل فرماتا ہے۔

4: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی مکرم ﷺ نے اِرشاد فرمایا :

مَنْ صَلَّى عَلَيَّ صَلاةً وَاحِدَةً، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرَ صَلَوَاتٍ، و۔حُطَّتْ عَنْهُ عَشْرُ خَطِيْئَاتٍ وَرُفِعَتْ لَهُ عَشْرُ دَرَجَاتٍ۔ (الادب المفرد، حدیث:۶۴۳۔۔۔نسائی، حدیث:۱۲۹۷)

یعنی جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے، اللہ اس پر دس رحمتیں نازل فرماتا ہے، اس کے دس گناہ معاف کیے جاتے ہیں اوراس کے دس درجات بلند کیے جاتے ہیں۔

5: حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ ایک مرتبہ ہمارے پاس تشریف لائے، آپ کے چہرۂ اقدس پر فرحت کے آثار نمایاں تھے، پھر آپ نے ہمیں اپنے اس ارشادِ ہدایت بنیاد سے نوازا :

إِنَّهٗ جَاءَنِیْ جِبْرِیْلُ، فَقَالَ إِنَّ رَبَّكَ يَقُوْلُ: أَمَا تُرْضِيْكَ يَا مُحَمَّدُ! أَنْ لَّا يُصَلِّيَ عَلَيْكَ أَحَدٌ مِنْ أُمَّتِكَ إِلَّا صَلَّيْتُ عَلَيْهِ عَشْرًا، وَ لَا يُسَلِّمُ عَلَيْكَ أَحَدٌ مِنْ أُمَّتِكَ إِلَّا سَلَّمْتُ عَلَيْهِ عَشْرًا۔ (نسائی، حدیث:۱۲۹۵۔۔۔دارمی، حدیث:۲۷۷۳)

یعنی ابھی ابھی جبرائیل میرے پاس آئے اور انھوں نے کہا کہ آپ کا رب فرماتا ہے : اے محمد! کیا آپ اس بات پر راضی نہیں کہ آپ کی اُمت میں سے جو شخص ایک مرتبہ آپ پر درود بھیجے، میں اس پر دس رحمتیں نازل کروں ؟ اور آپ کی اُمت میں سے)اگر(کوئی آپ پر ایک مرتبہ سلام بھیجے تو میں اس پر دس مرتبہ سلام بھیجوں !۔

6: حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے مروی کہ رسولِ مکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا :

مَنْ صَلَّى عَلَيَّ حِيْنَ يُصْبِحُ عَشْرًا وَحِيْنَ يُمْسِى عَشْرًا أَدْرَكَتْهُ شَفَاعَتِیْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔ (الترغیب والترہیب، حدیث:۹۸۷)

یعنی جو شخص صبح کے وقت اور شام کے وقت مجھ پر دس دس دفعہ درود بھیجے گا، قیامت کے روز اسے میری شفاعت ڈھونڈ لے گی۔

7: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے مروی کہ شفیع اُمت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا :

مَنْ صَلَّى عَلَى النَّبِيِّ وَاحِدَةً، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَمَلَائِكَتُهٗ سَبْعِيْنَ صَلَاةً۔ (مسند احمد بن حنبل، حدیث:۶۶۰۵۔۔۔الترغیب والترہیب، حدیث:۲۵۶۶)

یعنی جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر ایک دفعہ درود بھیجتا ہے، اللہ تعالیٰ اور اس کے

فرشتے اس پر ستر مرتبہ) بصورتِ رحمت (درود بھیجتے ہیں۔

8: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ سرکارِ دوعالم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

مَنْ صَلَّى عَلَيَّ وَاحِدَةً صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ عَشْرًا وَمَنْ صَلَّى عَلَيَّ عَشْرًا صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ مِائَةً وَمَنْ صَلَّى عَلَيَّ مِائَةً كَتَبَ اللهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ بَرَاءةً مِنَ النِّفَاقِ وَبَرَاءَةً مِنَ النَّارِ وَأَسْكَنَهُ اللهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَعَ الشُّهَدَاءِ۔ (الترغیب والترہیب، حدیث:۲۵۶۰۔۔۔طبرانی اوسط، حدیث:۷۲۳۵)

یعنی جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتوں کا نزول فرماتا ہے، اور جو شخص مجھ پر دس مرتبہ درود پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر سو رحمتیں نازل فرماتا ہے، اور جو شخص مجھ پر سو مرتبہ درود پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان) پیشانی پر (منافقت اور آگ سے ہمیشہ کے لیے آزادی لکھ دیتا ہے اور روزِ قیامت اس کا قیام) اور درجہ (شہدا کے ساتھ ہوگا۔

9: حضرت عبداللہ بن سائب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ سرکارِ دوعالم، فخرِ آدم و بنی آدم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

إِنَّ لِلّٰهِ مَلَائِكَةً سَيَّاحِيْنَ فِي الْأَرْضِ يُبَلِّغُونِي مِنْ أُمَّتِي السَّلَامَ۔

(نسائی، حدیث:۱۲۸۲۔۔۔ابن حبان، حدیث:۹۱۴۔۔۔دارمی، حدیث:۲۷۷۴)

یعنی بلاشبہ اللہ تعالیٰ کی زمین میں بعض گشت کرنے والے فرشتے ایسے ہیں جو مجھے میری اُمت کا سلام پہنچاتے رہتے ہیں۔

10: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

أَوْلَى النَّاسِ بِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَكْثَرُهُمْ عَلَيَّ صَلَاةً۔ (ترمذی، حدیث:۴۸۴۔۔۔ابن حبان، حدیث:۹۱۱)

یعنی قیامت کے دن لوگوں میں سے میرے سب سے زیادہ قریب وہ شخص ہوگا جو) دنیا میں (ان میں سے سب سے زیادہ مجھ پر درود بھیجتا ہوگا۔

11: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی کہ حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا:

مَا مِنْ أَحَدٍ يُسَلِّمُ عَلَيَّ إِلَّا رَدَّ اللهُ عَلَيَّ رُوْحِيْ حَتّٰى أَرُدَّ عَلَيْهِ السَّلَامَ۔ (مسند ابویعلی، حدیث:۵۲۱۳۔۔۔مستدرک حاکم، حدیث:۳۵۷۶)

یعنی کوئی شخص ایسا نہیں جو مجھ پر سلام بھیجے؛ مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ پر میری روح واپس لوٹا دی ہوئی ہے، یہاں تک کہ میں ہر سلام کرنے والے کے سلام کا جواب دیتا ہوں۔

12: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ محمد عربی ﷺ نے اِرشاد فرمایا:

صَلُّوْا عَلَيَّ فَإِنَّ الصَّلَاةَ عَلَيَّ زَكَاةٌ لَكُمْ۔ (ابن ابی شیبہ، حدیث:۸۷۰۴)

یعنی مجھ پر درود بھیجتے رہا کرو، بلاشبہ) تمہارا (مجھ پر درود پڑھنا تمہارے لیے) روحانی وجسمانی (پاکیزگی کا باعث ہے۔

خاکِ راہِ صاحبدلاں: **محمد افروز قادری چریاکوٹی**

اَلْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی

یوں تو اللہ سبحانہ و تعالیٰ کے بہت سے صفتی نام ہیں؛ لیکن اُن میں ننانوے (۹۹) زیادہ مشہور ہیں۔ ان کو پڑھنا، سننا اور یاد کرنا سب عبادت و برکت والے کام ہیں۔ سورۂ اعراف میں ہے: وَلِلّٰہِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی فَادْعُوْہُ بِھَا۔ یعنی اللہ ہی کے لیے اچھے اچھے نام ہیں، سو اُسے ان ناموں سے پکارا کرو۔ ایک متفق علیہ حدیث پاک کا مفہوم ہے کہ 'ننانوے اَسماے الٰہی کو گننے والا جنت میں داخل کیا جائے گا'۔ لہٰذا ہمیں چاہیے کہ ان مقدس ناموں کو یاد کرلیں اور ان کے ذریعہ دعائیں کیا کریں۔ **چریاکوٹی**

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

اَلرَّحْمٰنُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلرَّحِیْمُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمَلِكُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْقُدُّوْسُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلسَّلَامُ جَلَّ جَلَالُہٗ

اَلْمُؤْمِنُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمُهَيْمِنُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْعَزِيْزُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْجَبَّارُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمُتَكَبِّرُ جَلَّ جَلَالُہٗ

اَلْخَالِقُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْبَارِئُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمُصَوِّرُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْغَفَّارُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْقَهَّارُ جَلَّ جَلَالُہٗ

اَلْوَهَّابُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلرَّزَّاقُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْفَتَّاحُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْعَلِيْمُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْقَابِضُ جَلَّ جَلَالُہٗ

اَلْبَاسِطُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْخَافِضُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلرَّافِعُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمُعِزُّ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمُذِلُّ جَلَّ جَلَالُہٗ

اَلسَّمِيْعُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْبَصِيْرُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْحَكَمُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْعَدْلُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَللَّطِيْفُ جَلَّ جَلَالُہٗ

الْخَبِيْرُ ﷻ الْحَلِيْمُ ﷻ الْعَظِيْمُ ﷻ الْغَفُوْرُ ﷻ الشَّكُوْرُ ﷻ

الْعَلِيُّ ﷻ الْكَبِيْرُ ﷻ الْحَفِيْظُ ﷻ الْمُقِيْتُ ﷻ الْحَسِيْبُ ﷻ

الْجَلِيْلُ ﷻ الْكَرِيْمُ ﷻ الرَّقِيْبُ ﷻ الْمُجِيْبُ ﷻ الْوَاسِعُ ﷻ

الْحَكِيْمُ ﷻ الْوَدُوْدُ ﷻ الْمَجِيْدُ ﷻ الْبَاعِثُ ﷻ الشَّهِيْدُ ﷻ

الْحَقُّ ﷻ الْوَكِيْلُ ﷻ الْقَوِيُّ ﷻ الْمَتِيْنُ ﷻ الْوَلِيُّ ﷻ

الْحَمِيْدُ ﷻ الْمُعِيْدُ ﷻ الْمُحْصِي ﷻ الْمُبْدِئُ ﷻ الْمُحْيِي ﷻ

الْمُمِيْتُ ﷻ الْحَيُّ ﷻ الْقَيُّوْمُ ﷻ الْوَاجِدُ ﷻ الْمَاجِدُ ﷻ

الْوَاحِدُ ﷻ الصَّمَدُ ﷻ الْقَادِرُ ﷻ الْمُقْتَدِرُ ﷻ الْمُقَدِّمُ ﷻ

الْمُؤَخِّرُ ﷻ الْاَوَّلُ ﷻ الْاٰخِرُ ﷻ الظَّاهِرُ ﷻ الْبَاطِنُ ﷻ

الْوَالِي ﷻ الْمُتَعَالِي ﷻ الْبَرُّ ﷻ الْمُنْتَقِمُ ﷻ الْعَفُوُّ ﷻ

الرَّءُوْفُ ﷻ مَالِكُ الْمُلْكِ ﷻ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ﷻ

الْمُقْسِطُ ﷻ الْجَامِعُ ﷻ الْغَنِيُّ ﷻ الْمُغْنِي ﷻ الْمَانِعُ ﷻ

الضَّارُّ ﷻ النَّافِعُ ﷻ النُّوْرُ ﷻ الْهَادِي ﷻ الْبَدِيْعُ ﷻ

الْبَاقِي ﷻ الْوَارِثُ ﷻ الرَّشِيْدُ ﷻ الصَّبُوْرُ ﷻ

(الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ وَ لَمْ يُوْلَدْ وَ لَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ)

اَسْمَآءُ النَّبِي

حضور اکرم ﷺ کے یہ 'دوسوایک' (۲۰۱) اَسماے مبارکہ مسجد نبوی شریف کی دیوارِ قبلہ پر نہایت عمدہ کیلی گرافی میں مکتوب ہیں۔ ان کی ترقیم 'بابُ السَّلام' سے شروع ہوکر 'بابُ البقیع' پر ختم ہوجاتی ہے۔ ۔ چریاکوٹی

بسم الله الرحمن الرحيم

اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَ سَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى مَنْ أَشْرَفُ أَسْمَآئِهٖ :

سَیِّدُنا مُحَمَّدٌ ﷺ	سَیِّدُنا أَحْمَدُ ﷺ	سَیِّدُنا حَامِدٌ ﷺ
سَیِّدُنا مَحْمُودٌ ﷺ	سَیِّدُنا أَحِيدُ ﷺ	سَیِّدُنا وَحِيدٌ ﷺ
سَیِّدُنا مَاحٍ ﷺ	سَیِّدُنا حَاشِرٌ ﷺ	سَیِّدُنا عَاقِبٌ ﷺ

سَیِّدُنَا طٰهٰ ﷺ	سَیِّدُنَا یٰسٓ ﷺ	سَیِّدُنَا طَاهِرٌ ﷺ
سَیِّدُنَا مُطَهَّرٌ ﷺ	سَیِّدُنَا طَیِّبٌ ﷺ	سَیِّدُنَا سَیِّدٌ ﷺ
سَیِّدُنَا رَسُوْلٌ ﷺ	سَیِّدُنَا نَبِیٌّ ﷺ	سَیِّدُنَا رَسُوْلُ
الرَّحْمَةِ ﷺ	سَیِّدُنَا قَیِّمٌ ﷺ	سَیِّدُنَا جَامِعٌ ﷺ
سَیِّدُنَا مُقْتَفٍ ﷺ	سَیِّدُنَا مُقَفًّی ﷺ	سَیِّدُنَا رَسُوْلُ
الْمَلَاحِمِ ﷺ	سَیِّدُنَا رَسُوْلُ الرَّاحَةِ ﷺ	سَیِّدُنَا كَامِلٌ ﷺ
سَیِّدُنَا إِكْلِیْلٌ ﷺ	سَیِّدُنَا مُدَّثِّرٌ ﷺ	سَیِّدُنَا مُزَّمِّلٌ ﷺ
سَیِّدُنَا عَبْدُ اللهِ ﷺ	سَیِّدُنَا حَبِیْبُ اللهِ ﷺ	سَیِّدُنَا صَفِیُّ اللهِ ﷺ
سَیِّدُنَا نَجِیُّ اللهِ ﷺ	سَیِّدُنَا كَلِیْمُ اللهِ ﷺ	سَیِّدُنَا خَاتَمُ
الْأَنْبِیَاءِ ﷺ	سَیِّدُنَا خَاتِمُ الرُّسُلِ ﷺ	سَیِّدُنَا مُحْیٍ ﷺ
سَیِّدُنَا مُنْجٍ ﷺ	سَیِّدُنَا مُذَكِّرٌ ﷺ	سَیِّدُنَا نَاصِرٌ ﷺ
سَیِّدُنَا مَنْصُوْرٌ ﷺ	سَیِّدُنَا نَبِیُّ الرَّحْمَةِ ﷺ	سَیِّدُنَا نَبِیُّ التَّوْبَةِ ﷺ
سَیِّدُنَا حَرِیْصٌ عَلَیْكُمْ ﷺ	سَیِّدُنَا مَعْلُوْمٌ ﷺ	سَیِّدُنَا شَهِیْرٌ ﷺ
سَیِّدُنَا شَاهِدٌ ﷺ	سَیِّدُنَا شَهِیْدٌ ﷺ	سَیِّدُنَا مَشْهُوْدٌ ﷺ

سَيِّدُنَا بَشِيْرٌ ﷺ	سَيِّدُنَا مُبَشِّرٌ ﷺ	سَيِّدُنَا نَذِيْرٌ ﷺ
سَيِّدُنَا مُنْذِرٌ ﷺ	سَيِّدُنَا نُوْرٌ ﷺ	سَيِّدُنَا سِرَاجٌ ﷺ
سَيِّدُنَا مِصْبَاحٌ ﷺ	سَيِّدُنَا هُدًى ﷺ	سَيِّدُنَا مَهْدِيٌّ ﷺ
سَيِّدُنَا مُنِيْرٌ ﷺ	سَيِّدُنَا دَاعٍ ﷺ	سَيِّدُنَا مَدْعُوٌّ ﷺ
سَيِّدُنَا مُجِيْبٌ ﷺ	سَيِّدُنَا مُجَابٌ ﷺ	سَيِّدُنَا حَفِيٌّ ﷺ
سَيِّدُنَا عَفُوٌّ ﷺ	سَيِّدُنَا وَلِيٌّ ﷺ	سَيِّدُنَا حَقٌّ ﷺ
سَيِّدُنَا قَوِيٌّ ﷺ	سَيِّدُنَا أَمِيْنٌ ﷺ	سَيِّدُنَا مَأْمُوْنٌ ﷺ
سَيِّدُنَا كَرِيْمٌ ﷺ	سَيِّدُنَا مُكَرَّمٌ ﷺ	سَيِّدُنَا مَكِيْنٌ ﷺ
سَيِّدُنَا مَتِيْنٌ ﷺ	سَيِّدُنَا مُبِيْنٌ ﷺ	سَيِّدُنَا مُؤَمِّلٌ ﷺ
سَيِّدُنَا وَصُوْلٌ ﷺ	سَيِّدُنَا ذُوْ قُوَّةٍ ﷺ	سَيِّدُنَا ذُوْ حُرْمَةٍ ﷺ
سَيِّدُنَا ذُوْ مَكَانَةٍ ﷺ	سَيِّدُنَا ذُوْ عِزٍّ ﷺ	سَيِّدُنَا ذُوْ فَضْلٍ ﷺ
سَيِّدُنَا مُطَاعٌ ﷺ	سَيِّدُنَا مُطِيْعٌ ﷺ	سَيِّدُنَا قَدَمُ صِدْقٍ ﷺ
سَيِّدُنَا رَحْمَةٌ ﷺ	سَيِّدُنَا بُشْرٰى ﷺ	سَيِّدُنَا غَوْثٌ ﷺ
سَيِّدُنَا غَيْثٌ ﷺ	سَيِّدُنَا غِيَاثٌ ﷺ	سَيِّدُنَا نِعْمَةُ اللهِ ﷺ

سَیِّدُنا هَدِیَّةُ اللهِ ﷺ سَیِّدُنا عُرْوَةٌ وُثْقٰی ﷺ سَیِّدُنا صِرَاطُ

اللهِ ﷺ سَیِّدُنا صِرَاطٌ مُّسْتَقِیْمٌ ﷺ سَیِّدُنا ذِکْرُ اللهِ ﷺ

سَیِّدُنا سَیْفُ اللهِ ﷺ سَیِّدُنا حِزْبُ اللهِ ﷺ سَیِّدُنا النَّجْمُ

الثَّاقِبُ ﷺ سَیِّدُنا مُصْطَفٰی ﷺ سَیِّدُنا مُجْتَبٰی ﷺ

سَیِّدُنا مُنْتَقٰی ﷺ سَیِّدُنا أُمِّیٌّ ﷺ سَیِّدُنا مُخْتَارٌ ﷺ

سَیِّدُنا أَجِیْرٌ ﷺ سَیِّدُنا جَبَّارٌ ﷺ سَیِّدُنا أَبُو الْقَاسِمِ ﷺ

سَیِّدُنا أَبُو الطَّاهِرِ ﷺ سَیِّدُنا أَبُو الطَّیِّبِ ﷺ سَیِّدُنا أَبُو

إِبْرَاهِیْمَ ﷺ سَیِّدُنا مُشَفَّعٌ ﷺ سَیِّدُنا شَفِیْعٌ ﷺ

سَیِّدُنا صَالِحٌ ﷺ سَیِّدُنا مُصْلِحٌ ﷺ سَیِّدُنا مُهَیْمِنٌ ﷺ

سَیِّدُنا صَادِقٌ ﷺ سَیِّدُنا مُصَدَّقٌ ﷺ سَیِّدُنا صِدْقٌ ﷺ

سَیِّدُنا سَیِّدُ الْمُرْسَلِیْنَ ﷺ سَیِّدُنا إِمَامُ الْمُتَّقِیْنَ ﷺ

سَیِّدُنا قَائِدُ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِیْنَ ﷺ سَیِّدُنا خَلِیْلُ الرَّحْمٰنِ ﷺ

سَیِّدُنا بَرٌّ ﷺ سَیِّدُنا مَبَرٌّ ﷺ سَیِّدُنا وَجِیْهٌ ﷺ

سَیِّدُنا نَصِیْحٌ ﷺ سَیِّدُنا نَاصِحٌ ﷺ سَیِّدُنا وَکِیْلٌ ﷺ

سَيِّدُنَا مُتَوَكِّلٌ ﷺ سَيِّدُنَا كَفِيلٌ ﷺ سَيِّدُنَا شَفِيقٌ ﷺ

سَيِّدُنَا مُقِيمُ السُّنَّةِ ﷺ سَيِّدُنَا مُقَدَّسٌ ﷺ سَيِّدُنَا رُوحُ

الْقُدُسِ ﷺ سَيِّدُنَا رُوحُ الْحَقِّ ﷺ سَيِّدُنَا رُوحُ الْقِسْطِ ﷺ

سَيِّدُنَا كَافٍ ﷺ سَيِّدُنَا مُكْتَفٍ ﷺ سَيِّدُنَا بَالِغٌ ﷺ

سَيِّدُنَا مُبَلِّغٌ ﷺ سَيِّدُنَا شَافٍ ﷺ سَيِّدُنَا وَاصِلٌ ﷺ

سَيِّدُنَا مَوْصُولٌ ﷺ سَيِّدُنَا سَابِقٌ ﷺ سَيِّدُنَا سَائِقٌ ﷺ

سَيِّدُنَا هَادٍ ﷺ سَيِّدُنَا مُهْدٍ ﷺ سَيِّدُنَا مُقَدَّمٌ ﷺ

سَيِّدُنَا عَزِيزٌ ﷺ سَيِّدُنَا فَاضِلٌ ﷺ سَيِّدُنَا مُفَضَّلٌ ﷺ

سَيِّدُنَا فَاتِحٌ ﷺ سَيِّدُنَا مِفْتَاحُ الرَّحْمَةِ ﷺ سَيِّدُنَا مِفْتَاحُ

الْجَنَّةِ ﷺ سَيِّدُنَا عَلَمُ الْإِيمَانِ ﷺ سَيِّدُنَا عَلَمُ

الْيَقِينِ ﷺ سَيِّدُنَا دَلِيلُ الْخَيْرَاتِ ﷺ سَيِّدُنَا مُصَحِّحُ

الْحَسَنَاتِ ﷺ سَيِّدُنَا مُقِيلُ الْعَثَرَاتِ ﷺ سَيِّدُنَا صَفُوحٌ عَنِ

الزَّلَّاتِ ﷺ سَيِّدُنَا صَاحِبُ الشَّفَاعَةِ ﷺ سَيِّدُنَا صَاحِبُ

الْمَقَامِ ﷺ سَيِّدُنَا صَاحِبُ الْقَدَمِ ﷺ سَيِّدُنَا مَخْصُوصٌ

سَیِّدُنَا مَخْصُوْصٌ بِالْمَجْدِ ﷺ سَیِّدُنَا مَخْصُوْصٌ بِالْعِزِّ ﷺ

سَیِّدُنَا صَاحِبُ ﷺ سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْوَسِیْلَةِ ﷺ بِالشَّرَفِ ﷺ

سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْفَضِیْلَةِ ﷺ سَیِّدُنَا صَاحِبُ السَّیْفِ ﷺ

سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْحُجَّةِ ﷺ سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْإِزَارِ ﷺ

سَیِّدُنَا صَاحِبُ الرِّدَآءِ ﷺ سَیِّدُنَا صَاحِبُ السُّلْطَانِ ﷺ

سَیِّدُنَا صَاحِبُ التَّاجِ ﷺ الدَّرَجَةِ الرَّفِیْعَةِ ﷺ

سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْمِغْفَرِ ﷺ سَیِّدُنَا صَاحِبُ اللِّوَآءِ ﷺ

سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْمِعْرَاجِ ﷺ سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْقَضِیْبِ ﷺ

سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْبُرَاقِ ﷺ سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْخَاتَمِ ﷺ

سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْعَلَامَةِ ﷺ سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْبُرْهَانِ ﷺ

سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْبَیَانِ ﷺ سَیِّدُنَا فَصِیْحُ اللِّسَانِ ﷺ

سَیِّدُنَا مُطَهَّرُ الْجَنَانِ ﷺ سَیِّدُنَا رَؤُوْفٌ ﷺ سَیِّدُنَا رَحِیْمٌ ﷺ

سَیِّدُنَا أُذُنُ خَیْرٍ ﷺ سَیِّدُنَا صَحِیْحُ الْاِسْلَامِ ﷺ سَیِّدُنَا سَیِّدُ

الْکَوْنَیْنِ ﷺ سَیِّدُنَا عَیْنُ النَّعِیْمِ ﷺ سَیِّدُنَا عَیْنُ الْغُرِّ ﷺ

سَیِّدُنا سَعْدُ اللّٰہِ ﷺ سَیِّدُنا سَعْدُ الْخَلْقِ ﷺ سَیِّدُنا خَطِیْبُ

الْاُمَمِ ﷺ سَیِّدُنا عَلَمُ الْھُدٰی ﷺ سَیِّدُنا کَاشِفُ

الْکُرَبِ ﷺ سَیِّدُنا رَافِعُ الرُّتَبِ ﷺ سَیِّدُنا عِزُّ الْعَرَبِ ﷺ

سَیِّدُنا صَاحِبُ الْفَرَجِ ﷺ سَیِّدُنا کَرِیْمُ الْمَخْرَجِ ﷺ

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ ۞ اَللّٰھُمَّ یَا رَبِّ

بِجَاہِ نَبِیِّکَ الْمُصْطَفٰی وَرَسُوْلِکَ الْمُرْتَضٰی ۞ طَہِّرْ قُلُوْبَنَا

مِنْ کُلِّ وَصْفٍ یُّبَاعِدُنَا عَنْ مُشَاھَدَتِکَ وَمَحَبَّتِکَ ۞

وَأَمِتْنَا عَلَی السُّنَّۃِ وَالْجَمَاعَۃِ ۞ وَالشَّوْقِ إِلٰی لِقَآئِکَ یَا

ذَا الْجَلَالِ وَ الْإِکْرَامِ ۞ وَ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی سَیِّدِنَا وَ

مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ ﷺ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ وَإِمَامِ الْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی

اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ أَجْمَعِیْنَ وَ سَلَامٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ

رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۞۞۞۞۞۞۞۞۞۞۞۞۞۞۞۞۞۞۞۞

نیتِ آغاز دلائِل الخیرات

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ۞ وَحَسۡبِيَ اللّٰهُ وَنِعۡمَ الۡوَكِیۡلُ ۞ وَلَا حَوۡلَ
وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الۡعَلِيِّ الۡعَظِیۡمِ ۞ اللّٰهُمَّ إِنِّي أَبۡرَءُ إِلَیۡكَ مِنۡ حَوۡلِيۡ
وَ قُوَّتِيۡ إِلٰى حَوۡلِكَ وَ قُوَّتِكَ ۞ اللّٰهُمَّ إِنِّيۡ نَوَيۡتُ بِالصَّلَاةِ عَلَى النَّبِيِّ
ﷺ اِمۡتِثَالًا لِّأَمۡرِكَ وَتَصۡدِيۡقًا لِّنَبِيِّكَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَیۡهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَ مَحَبَّةً فِیۡهِ وَ شَوۡقًا إِلَیۡهِ وَتَعۡظِیۡمًا لِّقَدۡرِهٖ
وَلِكَوۡنِهٖ أَهۡلًا لِّذَالِكَ فَتَقَبَّلۡهَا مِنِّيۡ بِفَضۡلِكَ وَإِحۡسَانِكَ وَأَزِلۡ
حِجَابَ الۡغَفۡلَةِ عَنۡ قَلۡبِيۡ وَاجۡعَلۡنِيۡ مِنۡ عِبَادِكَ الصّٰلِحِیۡنَ ۞
اللّٰهُمَّ زِدۡهُ شَرَفًا عَلٰى شَرَفِهِ الَّذِيۡ أَوۡلَیۡتَهٗ ۞ وَعِزًّا عَلٰى عِزِّهِ الَّذِيۡ
أَعۡطَیۡتَهٗ ۞ وَنُوۡرًا عَلٰى نُوۡرِهِ الَّذِيۡ مِنۡهُ خَلَقۡتَهٗ ۞ وَأَعۡلِ مَقَامَهٗ فِيۡ
مَقَامَاتِ الۡمُرۡسَلِیۡنَ ۞ وَدَرَجَتَهٗ فِيۡ دَرَجَاتِ النَّبِيِّیۡنَ ۞ وَأَسۡئَلُكَ
رِضَاكَ وَرِضَاهُ يَا رَبَّ الۡعٰلَمِیۡنَ مَعَ الۡعَافِيَةِ الدَّآئِمَةِ وَالۡمَوتِ عَلَى
الۡكِتٰبِ وَالسُّنَّةِ وَالۡجَمَاعَةِ وَكَلِمَةِ الشَّهَادَةِ عَلٰى تَحۡقِیۡقِهَا مِنۡ غَیۡرِ
تَغۡیِیۡرٍ وَّلَا تَبۡدِیۡلٍ ۞ وَاغۡفِرۡ لِيۡ مَا ارۡتَكَبۡتُهٗ بِمَنِّكَ وَفَضۡلِكَ وَجُوۡدِكَ
وَكَرَمِكَ يَا أَكۡرَمَ الۡاَكۡرَمِیۡنَ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحۡبِهٖ وَسَلَّمَ تَسۡلِیۡمًا

پہلا حزب

(دوشنبہ۔Monday)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ
۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَأَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ
عَلٰى سَيِّدِنَا إِبْرَاهِيمَ ۞ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَأَزْوَاجِهٖ
وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ
مَجِيدٌ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ
عَلٰى سَيِّدِنَا إِبْرَاهِيمَ ۞ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا إِبْرَاهِيمَ فِي
الْعَالَمِينَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَّاٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا إِبْرَاهِيمَ ۞ وَبَارِكْ
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا

إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ ۞ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الأُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ ۞ اللّٰهُمَّ صَلِّ
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ رَسُولِكَ ۞ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا
إِبْرَاهِيمَ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ ۞
اللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا
بَارَكْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا إِبْرَاهِيمَ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ
حَمِيدٌ مَجِيدٌ ۞ اللّٰهُمَّ وَتَرَحَّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وعَلٰى اٰلِ
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا تَرَحَّمْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا إِبْرَاهِيمَ وَعَلٰى اٰلِ
سَيِّدِنَا إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ ۞ اللّٰهُمَّ وَتَحَنَّنْ عَلٰى
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا تَحَنَّنْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا
إِبْرَاهِيمَ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ ۞
اللّٰهُمَّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا
سَلَّمْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا إِبْرَاهِيمَ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ

حَمِيدٌ مَجِيدٌ ۞ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَارْحَمْ سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا وَاٰلَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ
وَرَحِمْتَ وَبَارَكْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا إِبْرَاهِيمَ وَ عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
إِبْرَاهِيمَ فِي الْعَالَمِينَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ ۞ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى
سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ وَأَزْوَاجِهٖ أُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِينَ وَذُرِّيَّتِهٖ
وَأَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ
مَجِيدٌ ۞ اللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ ۞
اللّٰهُمَّ دَاحِيَ الْمَدْحُوَّاتِ وَبَارِئَ الْمَسْمُوكَاتِ وَجَبَّارَ الْقُلُوبِ
عَلٰى فِطْرَتِهَا شَقِيِّهَا وَسَعِيدِهَا اجْعَلْ شَرَآئِفَ صَلَوَاتِكَ
وَنَوَامِيَ بَرَكَاتِكَ وَرَأْفَةَ تَحَنُّنِكَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ
وَرَسُولِكَ الْفَاتِحِ لِمَا أُغْلِقَ وَالْخَاتِمِ لِمَا سَبَقَ وَالْمُعْلِنِ الْحَقَّ
بِالْحَقِّ وَالدَّامِغِ لِجَيْشَاتِ الْأَبَاطِيلِ ۞ كَمَا حُمِّلَ فَاضْطَلَعَ

بِأَمْرِكَ بِطَاعَتِكَ مُسْتَوْفِزًا فِي مَرْضَاتِكَ وَاعِيًا لِوَحْيِكَ
حَافِظاً لِعَهْدِكَ مَاضِياً عَلٰى نَفَاذِ أَمْرِكَ حَتّٰى أَوْرٰى قَبَسًا
لِقَابِسٍ اٰلَآءُ اللّٰهِ تَصِلُ بِأَهْلِهٖ أَسْبَابُهٗ. بِهٖ هُدِيَتِ الْقُلُوبُ بَعْدَ
خَوْضَاتِ الْفِتَنِ وَالإِثْمِ وَأَبْهَجَ مُوضِحَاتِ الأَعْلَامِ وَنَائِرَاتِ
الأَحْكَامِ وَمُنِيرَاتِ الإِسْلَامِ فَهُوَ أَمِينُكَ الْمَأْمُونُ وَخَازِنُ
عِلْمِكَ الْمَخْزُونِ وَشَهِيدُكَ يَوْمَ الدِّينِ وَبَعِيثُكَ نِعْمَةً
وَرَسُولُكَ بِالْحَقِّ رَحْمَةً ۞ اللّٰهُمَّ افْسَحْ لَهٗ فِي عَدْنِكَ وَاجْزِهٖ
مُضَاعَفَاتِ الْخَيْرِ مِنْ فَضْلِكَ مُهَنَّئَاتٍ لَهٗ غَيْرَ مُكَدَّرَاتٍ مِنْ
فَوْزِ ثَوَابِكَ الْمَحْلُولِ وَجَزِيلِ عَطَائِكَ الْمَعْلُولِ ۞ اللّٰهُمَّ أَعْلِ
عَلٰى بِنَآءِ النَّاسِ بِنَاءَهٗ وَأَكْرِمْ مَثْوَاهُ لَدَيْكَ وَنُزُلَهٗ وَأَتْمِمْ لَهٗ
نُورَهٗ وَاجْزِهٖ مِنِ ابْتِعَاثِكَ لَهٗ مَقْبُولَ الشَّهَادَةِ وَمَرْضِيَّ
الْمَقَالَةِ . ذَا مَنْطِقٍ عَدْلٍ وَخُطَّةٍ فَصْلٍ وَبُرْهَانٍ عَظِيمٍ ۞ إِنَّ
اللّٰهَ وَ مَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا
عَلَيْهِ وَ سَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝ لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ رَبِّي وَسَعْدَيْكَ صَلَوَاتُ

اللهِ الْبَرِّ الرَّحِيمِ وَالْمَلَائِكَةِ الْمُقَرَّبِينَ وَالنَّبِيِّينَ
وَالصِّدِّيقِينَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصَّالِحِينَ وَمَا سَبَّحَ لَكَ مِنْ شَيْءٍ
يَا رَبَّ الْعَالَمِينَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ خَاتَمِ
النَّبِيِّيْنَ وَسَيِّدِ الْمُرْسَلِينَ وَإِمَامِ الْمُتَّقِينَ وَرَسُولِ رَبِّ
الْعَالَمِينَ الشَّاهِدِ الْبَشِيرِ الدَّاعِي إِلَيْكَ بِإِذْنِكَ السِّرَاجِ
الْمُنِيرِ وَعَلَيْهِ السَّلَامُ ۞ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَبَرَكَاتِكَ
وَرَحْمَتَكَ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِينَ وَإِمَامِ الْمُتَّقِينَ وَخَاتِمِ
النَّبِيِّيْنَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُولِكَ إِمَامِ الْخَيْرِ وَقَائِدِ
الْخَيْرِ وَرَسُولِ الرَّحْمَةِ ۞ اَللّٰهُمَّ ابْعَثْهُ مَقَامًا مَحْمُودًا يَغْبِطُهٗ
فِيهِ الْأَوَّلُونَ وَالْاٰخِرُونَ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ
حَمِيدٌ مَجِيدٌ ۞ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ
مَجِيدٌ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ

وَأَوْلَادِهٖ وَأَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَأَهْلِ بَيْتِهٖ وَأَصْهَارِهٖ وَأَنْصَارِهٖ
وَأَشْيَاعِهٖ وَمُحِبِّيهِ وَأُمَّتِهٖ وَعَلَيْنَا مَعَهُمْ أَجْمَعِينَ يَا أَرْحَمَ
الرَّاحِمِينَ ۞ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ
صَلّٰى عَلَيْهِ ۞ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ لَمْ يُصَلِّ
عَلَيْهِ ۞ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا أَمَرْتَنَا بِالصَّلَاةِ عَلَيْهِ ۞
وَصَلِّ عَلَيْهِ كَمَا يُحِبُّ أَنْ يُصَلّٰى عَلَيْهِ ۞ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا أَمَرْتَنَا أَنْ نُصَلِّيَ
عَلَيْهِ ۞ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
كَمَا هُوَ أَهْلُهٗ ۞ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضَاهُ لَهٗ ۞ اللّٰهُمَّ يَا رَبَّ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَاٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاٰلِ سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ وَأَعْطِ سَيِّدَنَا مُحَمَّدَنِ الدَّرَجَةَ وَالْوَسِيلَةَ فِي الْجَنَّةِ ۞
اللّٰهُمَّ يَا رَبَّ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ اجْزِ سَيِّدَنَا
مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا هُوَ أَهْلُهٗ ۞ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى أَهْلِ بَيْتِهٖ ۞
اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا
يَبْقٰى مِنَ الصَّلَاةِ شَيْءٌ ۞ وَارْحَمْ سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا وَّاٰلَ سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا يَبْقٰى مِنَ الرَّحْمَةِ شَيْءٌ ۞ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا يَبْقٰى مِنَ الْبَرَكَةِ شَيْءٌ
۞ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا
يَبْقٰى مِنَ السَّلَامِ شَيْءٌ ۞ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِي
الْأَوَّلِينَ ۞ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِي الْاٰخِرِينَ ۞ وَصَلِّ عَلٰى
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِي النَّبِيِّينَ ۞ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِي
الْمُرْسَلِينَ ۞ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى الْمَلَاءِ الْأَعْلٰى إِلٰى
يَوْمِ الدِّينِ ۞ اللّٰهُمَّ أَعْطِ سَيِّدَنَا مُحَمَّدَنِ الْوَسِيلَةَ
وَالْفَضِيلَةَ وَالشَّرَفَ وَالدَّرَجَةَ الْكَبِيرَةَ ۞ اللّٰهُمَّ إِنِّي اٰمَنْتُ
بِسَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَلَمْ أَرَهٗ فَلَا تَحْرِمْنِي فِي الْجِنَانِ رُؤْيَتَهٗ
وَارْزُقْنِي صُحْبَتَهٗ وَتَوَفَّنِي عَلٰى مِلَّتِهٖ وَاسْقِنِي مِنْ حَوْضِهٖ

مَشْرَباً رَوِيًّا سَآئِغاً هَنِيْئًا لَا نَظْمَأُ بَعْدَهٗ أَبَدًا إِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۞ اَللّٰهُمَّ أَبْلِغْ رُوحَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مِنِّي تَحِيَّةً وَسَلَامًا ۞ اَللّٰهُمَّ وَكَمَا اٰمَنْتُ بِسَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَلَمْ أَرَهٗ فَلَا تَحْرِمْنِي فِي الْجِنَانِ رُؤْيَتَهٗ ۞ اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ شَفَاعَةَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍنِ الْكُبْرٰى وَارْفَعْ دَرَجَتَهُ الْعُلْيَا وَاٰتِهٖ سُؤْلَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ وَالْأُولٰى كَمَا اٰتَيْتَ سَيِّدَنَا إِبْرَاهِيمَ وَسَيِّدَنَا مُوْسٰى ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا إِبْرَاهِيمَ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا إِبْرَاهِيمَ ۞ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا إِبْرَاهِيمَ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَبِيِّكَ وَ رَسُولِكَ ۞ وَسَيِّدِنَا إِبْرَاهِيمَ خَلِيلِكَ وَصَفِيِّكَ ۞ وَسَيِّدِنَا مُوْسٰى كَلِيمِكَ وَنَجِيِّكَ ۞ وَسَيِّدِنَا عِيسٰى رُوحِكَ وَكَلِمَتِكَ ۞ وَعَلٰى جَمِيعِ مَلَائِكَتِكَ وَرُسُلِكَ وَ أَنْبِيَائِكَ وَ خِيَرَتِكَ مِنْ

خَلْقِكَ وَ أَصْفِيَائِكَ وَخَاصَّتِكَ وَأَوْلِيَائِكَ مِنْ أَهْلِ أَرْضِكَ وَسَمَائِكَ ۞ وَصَلَّى اللهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ خَلْقِهٖ وَرِضَاءَ نَفْسِهٖ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ وَكَمَا هُوَ أَهْلُهٗ وَكُلَّمَا ذَكَرَهُ الذَّاكِرُونَ وَغَفَلَ عَنْ ذِكْرِهِ الْغَافِلُونَ وَعَلٰى أَهْلِ بَيْتِهٖ وَعِتْرَتِهِ الطَّاهِرِينَ وَسَلَّمَ تَسْلِيماً ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى أَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَعَلٰى جَمِيعِ النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِينَ وَالْمَلَائِكَةِ وَالْمُقَرَّبِينَ وَجَمِيعِ عِبَادِ اللهِ الصَّالِحِينَ عَدَدَ مَا أَمْطَرَتِ السَّمَاءُ مُنْذُ بَنَيْتَهَا ۞ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا أَنْبَتَتِ الأَرْضُ مُنْذُ دَحَوْتَهَا ۞ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ النُّجُومِ فِي السَّمَاءِ فَإِنَّكَ أَحْصَيْتَهَا ۞ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا تَنَفَّسَتِ الأَرْوَاحُ مُنْذُ خَلَقْتَهَا ۞ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ وَمَا تَخْلُقُ وَمَا أَحَاطَ بِهٖ عِلْمُكَ وَأَضْعَافَ ذٰلِكَ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِمْ عَدَدَ

خَلْقِكَ وَرِضَاءَ نَفْسِكَ، وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ وَمَبْلَغَ عِلْمِكَ وَاٰيَاتِكَ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِمْ صَلَاةً تَفُوقُ وَتَفْضُلُ صَلَاةَ الْمُصَلِّينَ عَلَيْهِمْ مِنَ الْخَلْقِ أَجْمَعِينَ كَفَضْلِكَ عَلٰى جَمِيعِ خَلْقِكَ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِمْ صَلَاةً دَائِمَةً مُسْتَمِرَّةَ الدَّوَامِ عَلٰى مَرِّ اللَّيَالِي وَالأَيَّامِ مُتَّصِلَةَ الدَّوَامِ لَا انْقِضَاءَ لَهَا وَلا انْصِرَامَ عَلٰى مَرِّ اللَّيَالِي وَالْأَيَّامِ عَدَدَ كُلِّ وَابِلٍ وَطَلٍّ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَبِيِّكَ وَسَيِّدِنَا إِبْرَاهِيمَ خَلِيلِكَ وَعَلٰى جَمِيعِ أَنْبِيَآئِكَ وَ أَصْفِيَائِكَ مِنْ أَهْلِ أَرْضِكَ وَ سَمَائِكَ عَدَدَ خَلْقِكَ وَ رِضَآءَ نَفْسِكَ وَ زِنَةَ عَرْشِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ وَمُنْتَهٰى عِلْمِكَ وَزِنَةَ جَمِيعِ مَخْلُوقَاتِكَ صَلَاةً مُكَرَّرَةً أَبَدًا عَدَدَ مَا أَحْصٰى عِلْمُكَ وَمِلْءَ مَا أَحْصٰى عِلْمُكَ وَأَضْعَافَ مَا أَحْصٰى عِلْمُكَ صَلَاةً تَزِيدُ وَتَفُوقُ وَتَفْضُلُ صَلَاةَ الْمُصَلِّينَ عَلَيْهِمْ مِنَ الْخَلْقِ أَجْمَعِينَ كَفَضْلِكَ عَلٰى جَمِيعِ خَلْقِكَ .

پھر یہ دعائیں پڑھیں، اِن شآء اللہ ان کی قبولیت کی بہت زیادہ اُمید ہے

اللّٰهُمَّ اجْعَلْنِي مِمَّنْ لَزِمَ مِلَّةَ نَبِيِّكَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ
يَا رَبِّ قَسْوَةَ قُلُوبِنَا ۞ وَكَثْرَةَ ذُنُوبِنَا ۞ وَطُولَ اٰمَالِنَا ۞ وَفَسَادَ أَعْمَالِنَا ۞ وَتَكَاسُلَنَا عَنِ الطَّاعَاتِ ۞ وَهُجُومَنَا عَلَى الْمُخَالَفَاتِ ۞ فَنِعْمَ الْمُشْتَكٰى إِلَيْهِ أَنْتَ يَا رَبِّ ۞ بِكَ نَسْتَنْصِرُ عَلٰى أَعْدَآئِنَا وأَنْفُسِنَا فَانْصُرْنَا ۞ وعَلٰى فَضْلِكَ نَتَوَكَّلُ فِي صَلَاحِنَا فَلَا تَكِلْنَا إِلٰى غَيْرِكَ يَا رَبَّنَا ۞ وَ إِلٰى جَنَابِ رَسُولِكَ ﷺ نَنْتَسِبُ فَلَا تُبْعِدْنَا ۞ وَبِبَابِكَ نَقِفُ فَلَا تَطْرُدْنَا ۞ وإِيَّاكَ نَسْأَلُ فَلَا تُخَيِّبْنَا ۞ اللّٰهُمَّ ارْحَمْ تَضَرُّعَنَا ۞ وَاٰمِنْ خَوْفَنَا ۞ وَتَقَبَّلْ أَعْمَالَنَا ۞ وَأَصْلِحْ أَحْوَالَنَا ۞ وَاجْعَلْ بِطَاعَتِكَ اشْتِغَالَنَا ۞ وَ إِلَى الْخَيْرِ مَاٰلَنَا ۞ وَحَقِّقْ بِالزِّيَادَةِ اٰمَالَنَا ۞ وَاخْتِمْ بِالسَّعَادَةِ اٰجَالَنَا ۞ هٰذَا ذُلُّنَا ظَاهِرٌ بَيْنَ يَدَيْكَ ۞ وَحَالُنَا لَا يَخْفٰى عَلَيْكَ ۞ أَمَرْتَنَا فَتَرَكْنَا ۞ وَنَهَيْتَنَا فَارْتَكَبْنَا ۞ وَلَا يَسَعُنَا إِلَّا عَفْوُكَ فَاعْفُ عَنَّا يَا خَيْرَ مَأْمُولٍ ۞ وَأَكْرَمَ مَسْؤُولٍ ۞ إِنَّكَ عَفُوٌّ غَفُورٌ كَرِيمٌ رَؤُوفٌ رَحِيمٌ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ ۞ وصَلَّى اللهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَ سَلَّمَ تَسْلِيمًا ۞ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۞

اللّٰهُمَّ يَا مَنْ لَطَفْتَ بِخَلْقِ السَّمَاوَاتِ والأَرْضِ وَ لَطَفْتَ بِالْأَجِنَّةِ فِي بُطُوْنِ أُمَّهَاتِهَا ۞ اُلْطُفْ بِنَا فِي قَضَائِكَ وَ قَدَرِكَ ۞ لُطْفًا يَلِيْقُ بِكَرَمِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۞ اللّٰهُمَّ انْصُرْ بِفَضْلِكَ الْمُسْلِمِيْنَ وَ الْمُسْلِمَاتِ ۞ وَ أَهْلِكِ الْكَفَرَةَ أَعْدَآءَنَا ۞ وَآمِنَّا فِي أَوْطَانِنَا ۞ وَوَلِّ أُمُوْرَنَا خِيَارَنَا ۞ وَلَا تُوَلِّ أُمُوْرَنَا شِرَارَنَا ۞ وَارْفَعْ مَقْتَكَ وَغَضَبَكَ عَنَّا ۞ وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا يَا رَبَّنَا بِذُنُوبِنَا مَنْ لَّا يَخَافُكَ وَلَا يَرْحَمُنَا يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۞ اللّٰهُمَّ حَبِّبْ إِلَيْنَا الإِيمَانَ وَ زَيِّنْهُ فِي قُلُوْبِنَا وَكَرِّهْ إِلَيْنَا الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْيَانَ وَاجْعَلْنَا مِنَ الرَّاشِدِيْنَ ۞ وَ تَوَفَّنَا وَ وَالِدَيْنَا وَ أَوْلَادَنَا وَأَحْبَابَنَا مُؤْمِنِيْنَ صَالِحِيْنَ ۞ وَاحْشُرْنَا وَاحْشُرْهُمْ مَعَ سَيِّدِ الأَنْبِيَآءِ وَ الْمُرْسَلِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا أَكْرَمَ الْأَكْرَمِيْنَ ۞۞۞۞۞۞۞۞۞۞۞۞۞۞۞۞۞۞۞

سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۸۰﴾ وَ سَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۸۱﴾ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۸۲﴾

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حلّ مشکلات ، دفعِ بلیّات ، قضاے حاجات اور دشمنوں سے نجات پانے کا مجرب وظیفہ اور معمولاتِ مشایخ میں رہنے والا متبرک وِرد

حِزْبُ البَحْرِ

اَز : قطب الوقت ، عارف باللہ سیدنا شیخ ابوالحسن الشاذلی علیہ الرحمہ

[ولادت:۵۹۳ھ ----- وفات: ٦٥٦ھ]

-: تقدیم وتھذیب :-

محمد اَفروز قادری چریّاکوٹی

بِأَبِي أَنْتَ وَ أُمِّي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ الْأُمِّيُّ

تفصیلات

کتاب : حزب البحر الشریف

تالیف : قطب ربانی، امام ابوالحسن الشاذلی علیہ الرحمہ

تقدیم : ابو رِفقہ محمد افروز قادری چریاکوٹی
afrozqadri@gmail.com

تحریک : مفتی دیارِ کوکن علامہ سید رضوان احمد الرفاعی الشافعی

اِشاعت اول : ربیع الاوّل ۱۴۴۳ھ ------ اکتوبر 2021ء

اِشاعت دوم : محرم الحرام ۱۴۴۴ھ ------ اگست 2022ء

قیمت : دعاے خیر وسعادت براے معاونین

تقسیم کار : اِدارہ فروغِ اسلام، چریاکوٹ، مئو، پن کوڈ: 276129

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا وَلَا تُؤَاخِذْنَا اِنْ نَّسِيْنَا اَوْ اَخْطَأْنَا

فہرست کتاب

سند حزب البحر الشریف 140
دعاے اِعتصام 142
دعاے حزبُ البحر 145
دعاے اِختتام 153
حدیثِ دل 155
حزب البحر کا پس منظر 156
تعارف امام ابوالحسن الشاذلی 158
حزب البحر پڑھنے کے آداب واشارات 162
حزب البحر کے چند فوائد و خواص 165
حزب البحر سے خصوصی اِستفادہ 167
حزب البحر کی تعددِ روایات 170
طریقۂ اَدائیگی زکوٰۃ 171
علما و عوامِ برصغیر کا حزب البحر سے اعتنا 172
سند و اجازت کی اہمیت 173

سند حزب البحر

بسم الله الرحمن الرحيم

اللهم صل على سيدنا محمَّد الفاتح لما أغلق، و الخاتم لما سبق، ناصر الحق بالحق و الهادي إلى صراطك المستقيم، و على آله حق قدره و مقداره العظيم. يقول الفقير إلى الله الراجي شفاعة رسول الله ﷺ فخر الدين بن أحمد أويسي المدني: أروي حزب البحر عن فضيلة الشيخ السيد أحمد المالكي الحسني المكي ۞ عن أبيه محدث الحرمين الشريفين السيد محمَّد بن علوي المالكي ۞ عن الشيخ العلامة حسن مشاط المدرس بالمسجد الحرام ۞ عن مفتي مكة المكرمة السيد الحبيب حسين الحبشي ۞ عن الشريف محمَّد بن ناصر اليمني ۞ عن الإمام السيد عبدالرحمن بن مقبول الأهدل اليمني ۞ عن الشيخ عبدالرحمن بن خليل كدك زاده المدني ۞ عن محدث المدينة المنورة الشيخ محمَّد حيات السندي ۞ عن محدث الحجاز الشيخ عبدالله بن سالم البصري ۞ عن الإمام محمَّد بن علاءالدين البابلي ۞ عن محدث مصر الإمام العارف بالله عبد الرؤوف المناوي ۞ عن الإمام نجم الدين محمَّد الغيطي ۞ عن شيخ الإسلام زكريا الأنصاري ۞ عن الإمام عز الدين عبد الرحيم بن فرات الحنفي المصري ۞ عن الإمام

الكبير تاج الدين السبكي ❁ عن والده الإمام المجدد تقي الدين السبكي ❁ عن الإمام العارف بالله سيدي أحمد بن عطاء الله السكندري ❁ عن شيخه القطب سيدي أبي العباس المرسي ❁ عن صاحب الحزب القطب الكبير و الغوث الشهير سيدي أبي الحسن الشاذلي الحسني -رضي الله عنهم أجمعين- ❁ و قد تلقاه الإمام الشاذلي -قدس سره العزيز- من سيد الوجود سيدنا رسول الله ﷺ مباشرة ❁ فقد لقنه إياه على ظهر سفينة كادت أن تغرق فنجاها الله تعالىٰ ببركة هذا الحزب الشريف ❁ و بهذا السند المتصل المبارك، أجيز أخانا الكريم العالم النحرير و الداعية الكبير ، المجاهد بالقلم و الأستاذ الفاضل محمَّد أفروز القادري الجرياكوتى الهندي -حفظه الله تعالىٰ و رعاه- في تلاوة هذا الحزب النبوي الشريف مع كامل الشروط و الآداب (المذكورة في محلها)، مع تدبر المعاني و المدلولات ❁ بنية التوجه إلى الله تعالى و التضرع إليه لكشف الضر و رفع البلاء و التحصين من الأعداء ❁ إمتثالاً لأمرهِ عز و جل : (وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوهُ بِهَا) و أرجو منه دعوة صالحة لي و لسائر أهل السلسلة، تقبل الله منا جميعا بمحض فضله و كرمه. آمين يا أكرم الأكرمين

-: و كتبه آذناً و مجيزًا :-

فخر الدين بن أحمد أويسي المدني

نزيل مدينة كيب تاؤن بجمهورية جنوب إفريقيا

دعاء اعتصام

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ٥ اَللّٰہُ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ ۚ اَلۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ ۬
لَا تَاۡخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّ لَا نَوۡمٌ ؕ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الۡاَرۡضِ ؕ
مَنۡ ذَا الَّذِیۡ یَشۡفَعُ عِنۡدَہٗۤ اِلَّا بِاِذۡنِہٖ ؕ یَعۡلَمُ مَا بَیۡنَ اَیۡدِیۡہِمۡ وَ
مَا خَلۡفَہُمۡ ۚ وَ لَا یُحِیۡطُوۡنَ بِشَیۡءٍ مِّنۡ عِلۡمِہٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ
کُرۡسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ ۚ وَ لَا یَـُٔوۡدُہٗ حِفۡظُہُمَا ۚ وَ ہُوَ الۡعَلِیُّ
الۡعَظِیۡمُ ﴿۲۵۵﴾ لَاۤ اِکۡرَاہَ فِی الدِّیۡنِ ۟ۙ قَدۡ تَّبَیَّنَ الرُّشۡدُ مِنَ الۡغَیِّ ۚ
فَمَنۡ یَّکۡفُرۡ بِالطَّاغُوۡتِ وَ یُؤۡمِنۡۢ بِاللّٰہِ فَقَدِ اسۡتَمۡسَکَ بِالۡعُرۡوَۃِ
الۡوُثۡقٰی ٭ لَا انۡفِصَامَ لَہَا ؕ وَ اللّٰہُ سَمِیۡعٌ عَلِیۡمٌ ﴿۲۵۶﴾ اَللّٰہُ وَلِیُّ الَّذِیۡنَ
اٰمَنُوۡا یُخۡرِجُہُمۡ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوۡرِ ۬ؕ وَ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡۤا
اَوۡلِیٰٓـُٔہُمُ الطَّاغُوۡتُ ۙ یُخۡرِجُوۡنَہُمۡ مِّنَ النُّوۡرِ اِلَی الظُّلُمٰتِ ؕ
اُولٰٓئِکَ اَصۡحٰبُ النَّارِ ۚ ہُمۡ فِیۡہَا خٰلِدُوۡنَ ﴿۲۵۷﴾ اِعۡتَصَمۡتُ
بِاللّٰہِ الۡفَتَّاحِ الۡقَابِضِ ، اَعُوۡذُ بِاللّٰہِ السَّمِیۡعِ الۡعَلِیۡمِ مِنَ

الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ، بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ، وَاِذَا جَآءَكَ
الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِنَا فَقُلْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰى
نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۙ اَنَّهٗ مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ سُوْٓءًۢا بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ
مِنْۢ بَعْدِهٖ وَ اَصْلَحَ فَاَنَّهٗ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۵۴﴾ وَ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ
الْاٰيٰتِ وَ لِتَسْتَبِيْنَ سَبِيْلُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۵۵﴾ قُلْ اِنِّيْ نُهِيْتُ اَنْ
اَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قُلْ لَّآ اَتَّبِعُ اَهْوَآءَكُمْ
قَدْ ضَلَلْتُ اِذًا وَّ مَآ اَنَا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ﴿۵۶﴾ ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ
بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآىِٕفَةً مِّنْكُمْ ۙ وَطَآىِٕفَةٌ قَدْ
اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ
يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ؕ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ
يُخْفُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ؕ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا
مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ؕ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ
لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَلِيَبْتَلِيَ

اللّٰہُ مَا فِیْ صُدُوْرِکُمْ وَلِیُمَحِّصَ مَا فِیْ قُلُوْبِکُمْ ؕ وَاللّٰہُ عَلِیْمٌۢ
بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۵۴﴾ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ؕ وَالَّذِیْنَ مَعَہٗۤ اَشِدَّآءُ
عَلَی الْکُفَّارِ رُحَمَآءُ بَیْنَھُمْ تَرٰھُمْ رُکَّعًا سُجَّدًا یَّبْتَغُوْنَ
فَضْلًا مِّنَ اللّٰہِ وَ رِضْوَانًا سِیْمَاھُمْ فِیْ وُجُوْھِھِمْ مِّنْ اَثَرِ
السُّجُوْدِ ؕ ذٰلِکَ مَثَلُھُمْ فِی التَّوْرٰىةِ ۖۛ وَ مَثَلُھُمْ فِی الْاِنْجِیْلِ ۚ
کَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْـَٔہٗ فَاٰزَرَہٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰی عَلٰی سُوْقِہٖ
یُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِیَغِیْظَ بِھِمُ الْکُفَّارَ ؕ وَعَدَ اللّٰہُ الَّذِیْنَ
اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْھُمْ مَّغْفِرَۃً وَّ اَجْرًا عَظِیْمًا ﴿۲۹﴾

الف، با، تا، ثا، جیم، حا، خا، دال، ذال، را، زا، سین، شین، صاد، ضاد، طا، ظا، عین، غین، فا، قاف، کاف، لام، میم، نون، واو، ھا، ھمزہ، یا(۱) ۔ یَا رَبِّ سَھِّلْ وَ یَسِّرْ وَ لَا تُعَسِّرْ عَلَیْنَا یَا رَبِّ.

---

(۱) ان حروفِ ہجا کو ایک سانس میں پڑھے، اور صاحب الحزب امام شاذلی علیہ الرحمہ کا تصور کر کے طالبِ امداد و فیض ہو۔

دعاے حزبُ البحر

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○

اَللّٰهُمَّ يَا اَللّٰهُ ، يَا عَلِيُّ ، يَا عَظِيۡمُ ، يَا حَلِيۡمُ ، يَا عَلِيۡمُ ، اَنۡتَ رَبِّيۡ وَعِلۡمُكَ حَسۡبِيۡ ، فَنِعۡمَ الرَّبُّ رَبِّيۡ ، وَ نِعۡمَ الۡحَسۡبُ حَسۡبِيۡ ، تَنۡصُرُ مَنۡ تَشَآءُ وَاَنۡتَ الۡعَزِيۡزُ الرَّحِيۡمُ ، نَسۡئَلُكَ الۡعِصۡمَةَ فِيۡ الۡحَرَكَاتِ وَالسَّكَنَاتِ وَالۡكَلِمَاتِ وَالۡاِرَادَاتِ وَالۡخَطَرَاتِ مِنَ الشُّكُوۡكِ وَالظُّنُوۡنِ وَالۡاَوۡهَامِ ، السَّاتِرَةِ لِلۡقُلُوۡبِ عَنۡ مُطَالَعَةِ الۡغُيُوۡبِ ، فَقَدِ ابۡتُلِيَ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ وَ زُلۡزِلُوۡا زِلۡزَالًا شَدِيۡدًا[1] ۝۱۱ وَ اِذۡ يَقُوۡلُ الۡمُنٰفِقُوۡنَ وَ الَّذِيۡنَ فِيۡ قُلُوۡبِهِمۡ مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَ رَسُوۡلُهٗۤ اِلَّا غُرُوۡرًا ۝۱۲ فَثَبِّتۡنَا وَانۡصُرۡنَا[2]

---

(۱) یہاں اپنی انگشت شہادت سے آسمان کی طرف اشارہ کرے۔

(۲) یہاں پر اپنے مطلب کا خیال دل میں لائے۔

وَسَخِّرْ لَنَا هٰذَا الْبَحْرَ كَمَا سَخَّرتَ الْبَحْرَ لِسَيِّدِنَا مُوسٰى
عَلَيْهِ السَّلَامُ، وَ سَخَّرْتَ النَّارَ لِسَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ عَلَيْهِ
السَّلَامُ ، وَ سَخَّرْتَ الْجِبَالَ وَالْحَدِيْدَ لِسَيِّدِنَا دَاوٗدَ عَلَيْهِ
السَّلَامُ ، وَسَخَّرتَ الرِّيْحَ وَالشَّيَاطِيْنَ وَالْجِنَّ لِسَيِّدِنَا
سُلَيْمٰنَ عَلَيْهِ السَّلَامُ ، وَ سَخَّرْتَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ
لِسَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ ﷺ ، اَللّٰهُمَّ فَسَخِّرْ لَنَا كُلَّ بَحْرٍ هُوَ لَكَ فِي
الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ ، وَالْمُلْكِ وَالْمَلَكُوتِ ، وَ بَحْرَ الدُّنيَا وَ بَحْرَ
الْاٰخِرَةِ ، وَ سَخِّرْ لَنَا كُلَّ شَيْءٍ يَا مَنْ بِيَدِهٖ مَلَكُوتُ كُلِّ
شَيْءٍ، كٓهٰيٰعٓصٓ ، كٓهٰيٰعٓصٓ ، كٓهٰيٰعٓصٓ [1] ، اُنْصُرْنَا

---

(۱) كٓهٰيٰعٓصٓ کی تین بار تکرار کرے اور ہر بار حرف کے مقابل داہنے ہاتھ کی انگلیوں کو بند کرے اور کھولے اور کشایش مطلب کا خیال رکھے۔ بند کرنے کا طریقہ یہ ہوگا کہ داہنے ہاتھ کی سب سے چھوٹی انگلی کو 'کاف' پر، اس کے بعد والی 'ھا' پر، اس کے بعد والی 'ی' پر، اس کے بعد والی 'عین' پر اور پھر اخیر میں انگھوٹے کو 'ص' پر بند کرے، اور بند رکھے، پھر دوسرے كٓهٰيٰعٓصٓ کے ساتھ اسی ترتیب سے کھول دے، اور تیسرے كٓهٰيٰعٓصٓ پر پہلے طریقے کے مطابق بند کرے، حتیٰ کہ جب اُنْصُرْنَا پر پہنچے تو پہلی انگلی، وَافْتَحْ لَنَا پر دوسری، وَاغْفِرْ لَنَا پر تیسری، وَارْحَمْنَا پر چوتھی اور وَارْزُقْنَا پر پانچویں انگلی مذکورہ ترتیب پر کھولتا جائے۔

فَاِنَّكَ خَيْرُ النَّاصِرِيْنَ ، وَافْتَحْ لَنَا فَاِنَّكَ خَيْرُ الفَاتِحِيْنَ ، وَاغْفِرْ لَنَا فَاِنَّكَ خَيْرُ الغَافِرِيْنَ ، وَارْحَمْنَا فَاِنَّكَ خَيْرُ الرَّاحِمِيْنَ ، وَارْزُقْنَا فَاِنَّكَ خَيْرُ الرَّازِقِيْنَ ، وَاحْفَظْنَا فَاِنَّكَ خَيْرُ الْحَافِظِيْنَ ، وَ اهْدِنَا وَ نَجِّنَا مِنَ الْقَومِ الظّٰلِمِيْنَ ، وَهَبْ لَنَا مِنْ لَدُنْكَ رِيْحًا طَيِّبَةً كَمَا هِيَ فِي عِلْمِكَ ، وَانْشُرْهَا عَلَيْنَا مِنْ خَزَآئِنِ رَحْمَتِكَ ، وَاحْمِلْنَا بِهَا حَمْلَ الكَرَامَةِ مَعَ السَّلَامَةِ ، وَ العَافِيَةِ فِي الدِّيْنِ وَ الدُّنيَا وَالْاٰخِرَةِ ، اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ، اللّٰهُمَّ يَسِّرْ لَنَا اُمُوْرَنَا (١) مَعَ الرَّاحَةِ لِقُلُوْبِنَا وَاَبْدَانِنَا ، وَالسَّلَامَةِ وَالعَافِيَةِ فِي دِيْنِنَا وَ دُنيَانَا ، وَ كُنْ صَاحِبَنَا فِي سَفَرِنَا ، وَ مُعِيْنًا وَّحَامِيًا فِي حَضَرِنَا ، وَ خَلِيْفَةً فِي اَهْلِنَا ، وَاطْمِسْ (٢) عَلٰى وُجُوْهِ اَعْدَآئِنَا ، وَامْسَخْهُمْ عَلٰى

---

(١) یہاں پر اپنے مطلب کا دل میں خیال رکھے۔

(٢) وَاطْمِسْ سے وَلَا يَرْجِعُوْنَ تک پڑھتے ہوئے بہ تصور اعدا و شیاطین اپنے داہنے ہاتھ کی مٹھی باندھ کر کے نیچے کو اشارہ کرے اور کھول دے۔

مَكَانَتِهِمْ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ الْمُضِيَّ وَ لَا الْمَجِيْءَ اِلَيْنَا ، وَ لَوْ
نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰٓى اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ
۝٦٦ وَ لَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّ
لَا يَرْجِعُوْنَ۝٦٧ يٰسٓ ، يٰسٓ ، يٰسٓ ، يٰسٓ ، يٰسٓ ، يٰسٓ ،
يٰسٓ ۝١ وَ الْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ۝٢ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ۝٣ عَلٰى
صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ۝٤ تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ۝٥ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ
اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ۝٦ لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ
فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ۝٧ اِنَّا جَعَلْنَا فِیْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى
الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ۝٨ وَ جَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّ
مِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ۝٩ شَاهَتِ
الْوُجُوْهُ ، شَاهَتِ الْوُجُوْهُ ، شَاهَتِ الْوُجُوْهُ[1] ، وَ عَنَتِ الْوُجُوْهُ

---

(۱) یہ کلمہ تین بار پڑھے اور ہر بار یہاں دل میں اپنے اعدا و شیاطین کا خیال رکھے کہ تباہ و برباد ہو جائیں اور ہر دفعہ اُلٹا ہاتھ) یعنی دائیں ہاتھ کی پشت سے (زمین پر مارے۔

لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ ؕ وَ قَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا ﴿۱۱۱﴾ طٰسٓ ، طٰسٓمّٓ ،
حٰمٓ ، عٓسٓقٓ ، مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ ﴿۱۹﴾ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ
لَّا يَبْغِيٰنِ ﴿۲۰﴾ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ (۱) ، حُمَّ الْاَمْرُ
وَ جَآءَ النَّصْرُ فَعَلَيْنَا لَا يُنْصَرُوْنَ ، حٰمٓ ﴿۱﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ
مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿۲﴾ غَافِرِ الذَّنْۢبِ وَ قَابِلِ التَّوْبِ
شَدِيْدِ الْعِقَابِ ۙ ذِى الطَّوْلِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿۳﴾

---

(۱) حٰمٓ کو سات دفعہ پڑھے۔ پہلی بار پڑھ کر داہنی طرف پھونک مارے، دوسری بار پڑھ کر بائیں طرف، تیسری بار پڑھ کر سامنے، چوتھی بار پڑھ کر پیچھے، پانچویں بار پڑھ کر اوپر، اور چھٹی بار پڑھ کر نیچے دم کرے، پھر ہاتھ اٹھا کر یہ دعا کرے:

رَفَعْتُ بِاَمْرِ اللّٰهِ تَعَالٰى كُلَّ بَلَاءٍ وَ قَضَاءٍ يَجِيْءُ مِنْ هٰذِهِ
الْجِهَاتِ تَاْمَنُ بِاذْنِ اللّٰهِ تَعَالٰى مِنْ جَمِيْعِ الْاٰفَاتِ وَالْعَاهَاتِ

پھر جب ساتویں حٰمٓ کو پڑھے تو اپنے دونوں ہاتھ پر اندر کی طرف دم کرکے جہاں تک ہاتھ پہنچے اپنے پورے بدن پر پھیرے، اور یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ لَا تَقْتُلْنِى بِغَضَبِكَ وَلَا تُهْلِكْنِىْ بِعَذَابِكَ وَعَافِنِىْ قَبْلَ ذٰلِكَ۔ اَللّٰهُمَّ لَا تُؤَاخِذْنِى بِسُوْٓءِ عَمَلِىْ وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيَّ مَنْ لَّا يَرْحَمْنِى وَكُفَّ اَيْدِىَ الظّٰلِمِيْنَ عَنِّىْ . يَا حَفِيْظُ اِحْفَظْنِىْ وَيَسِّرْ اُمُوْرِىْ وَحَصِّلْ مُرَادِىْ۔

بِسۡمِ اللّٰهِ بَابُنَا ، تَبَارَكَ حِيْطَانُنَا ، يٰسٓ سَقۡفُنَا ، كٓهٰيٰعٓصٓ (۱) كِفَايَتُنَا ، حٰمٓ عٓسٓقٓ حِمَايَتُنَا ، فَسَيَكۡفِيۡكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَ هُوَ السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ ﴿۱۳۷﴾ فَسَيَكۡفِيۡكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَ هُوَ السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ ﴿۱۳۷﴾ فَسَيَكۡفِيۡكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَ هُوَ السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ ﴿۱۳۷﴾ سِتۡرُ الۡعَرۡشِ مَسۡبُوۡلٌ عَلَيۡنَا ، وَعَيۡنُ اللّٰهِ نَاظِرَةٌ اِلَيۡنَا ، وَبِحَوۡلِ اللّٰهِ لَا يَقۡدِرُ اَحَدٌ عَلَيۡنَا o سِتۡرُ الۡعَرۡشِ مَسۡبُوۡلٌ عَلَيۡنَا ، وَعَيۡنُ اللّٰهِ نَاظِرَةٌ اِلَيۡنَا ، وَبِحَوۡلِ اللّٰهِ لَا يَقۡدِرُ اَحَدٌ عَلَيۡنَا o سِتۡرُ الۡعَرۡشِ مَسۡبُوۡلٌ عَلَيۡنَا ، وَعَيۡنُ اللّٰهِ نَاظِرَةٌ اِلَيۡنَا ، وَبِحَوۡلِ اللّٰهِ لَا يَقۡدِرُ اَحَدٌ عَلَيۡنَا o سِتۡرُ الۡعَرۡشِ مَسۡبُوۡلٌ عَلَيۡنَا ، وَعَيۡنُ اللّٰهِ نَاظِرَةٌ اِلَيۡنَا ، وَبِحَوۡلِ اللّٰهِ لَا يَقۡدِرُ اَحَدٌ عَلَيۡنَا o سِتۡرُ الۡعَرۡشِ مَسۡبُوۡلٌ عَلَيۡنَا ، وَعَيۡنُ اللّٰهِ

---

(۱) یہاں) پہلے کی طرح (ہر حرف کے مقابل سیدھے ہاتھ کی انگلیاں بند کر کے کِفَایَتُنَا پڑھے۔ اور پھر حٰمٓ عٓسٓقٓ پڑھتے وقت کھول دے، ہر حرف کے ساتھ اسی ترتیب سے کہ جس طرح بند کی تھیں۔

نَاظِرَةٌ اِلَيْنَا، وَبِحَوْلِ اللهِ لَا يُقْدَرُ اَحَدٌ عَلَيْنَا ۝ سِتْرُ الْعَرْشِ
مَسْبُوْلٌ عَلَيْنَا ، وَعَيْنُ اللهِ نَاظِرَةٌ اِلَيْنَا ، وَبِحَوْلِ اللهِ لَا يُقْدَرُ
اَحَدٌ عَلَيْنَا ۝ سِتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُوْلٌ عَلَيْنَا ، وَعَيْنُ اللهِ نَاظِرَةٌ
اِلَيْنَا، وَبِحَوْلِ اللهِ لَا يُقْدَرُ اَحَدٌ عَلَيْنَا ۝ وَ اللهُ مِنْ
وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ ﴿٢٠﴾ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ﴿٢١﴾ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ﴿٢٢﴾
فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا ۠ وَّ هُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿٦٤﴾ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا
وَّ هُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿٦٤﴾ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا ۠ وَّ هُوَ اَرْحَمُ
الرّٰحِمِيْنَ ﴿٦٤﴾ اِنَّ وَلِيِّ ـۧ اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ وَ هُوَ يَتَوَلَّى
الصّٰلِحِيْنَ ﴿١٩٦﴾ اِنَّ وَلِيِّ ـۧ اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ وَ هُوَ يَتَوَلَّى
الصّٰلِحِيْنَ ﴿١٩٦﴾ اِنَّ وَلِيِّ ـۧ اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ وَ هُوَ يَتَوَلَّى
الصّٰلِحِيْنَ ﴿١٩٦﴾ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَ هُوَ
رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿١٢٩﴾ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ عَلَيْهِ
تَوَكَّلْتُ وَ هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿١٢٩﴾ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا
هُوَ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَ هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿١٢٩﴾

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ؕ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَ ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ
الْعَظِیْمِ ﴿۱۲۹﴾ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ؕ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَ ھُوَ رَبُّ
الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ﴿۱۲۹﴾ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ؕ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَ
ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ﴿۱۲۹﴾ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ؕ عَلَیْہِ
تَوَکَّلْتُ وَ ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ﴿۱۲۹﴾ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ
مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ
o بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی
السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ o بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ
اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ o وَ
لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ o وَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ
اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ o وَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ
الْعَظِیْمِ o سُبْحٰنَ رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّۃِ عَمَّا یَصِفُوْنَ ﴿۱۸۰﴾ وَ سَلٰمٌ عَلَی
الْمُرْسَلِیْنَ ﴿۱۸۱﴾ وَ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۸۲﴾ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی
خَیْرِ خَلْقِہٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ وَ صَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ وَسَلَّمَ ،
بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ o

دعاء اختتام

يَا اللّٰهُ يَا نُورُ يَا حَقُّ يَا مُبِيْنُ اُكْسُنِىْ مِنْ نُّورِكَ وَعَلِّمْنِىْ مِنْ عِلْمِكَ وَفَهِّمْنِىْ عَنْكَ وَ اَسْمِعْنِى مِنْكَ وَ اَبْصِرْنِى بِكَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ يَا سَمِيْعُ يَا عَلِيْمُ يَا حَلِيْمُ يَا عَلِىُّ يَا عَظِيْمُ اِسْمَعْ دُعَائِى بِخَصَائِصِ لُطْفِكَ اٰمِيْنَ اٰمِيْنَ اٰمِيْنَ اَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ كُلِّهَا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ٥ يَا عَظِيْمَ السُّلْطَانِ يَا قَدِيْمَ الْاِحْسَانِ يَا دَآئِمَ النِّعَمِ يَا بَاسِطَ الرِّزْقِ ، يَا وَاسِعَ الْعَطَايَا ، يَا دَافِعَ الْبَلَايَا ، يَا حَاضِرًا لَّيْسَ بِغَائِبٍ ، يَا مَوْجُوْدًا عِنْدَ الشَّدَائِدِ ، يَا مُجْمِلَ السِّرِّ ، يَا خَفِىَّ اللُّطْفِ ، يَا لَطِيْفَ الصُّنْعِ ، يَا حَلِيْمًا لَّا يَعْجَلُ ، يَا جَوَّادًا لَّا يَبْخَلُ ، اِقْضِ حَاجَتِىْ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ، اَللّٰهُمَّ اِنِّى اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْمَخْزُوْنِ الْمَكْنُوْنِ السَّلَامِ الْمُنَزَّلِ الْمُقَدَّسِ الْقُدُّوْسِ الْمُطَهَّرِ الطَّاهِرِ ، يَا دَهْرُ يَا دَيْهَارُ يَا دَيْهُوْرُ يَا اَزَلُ يَا اَبَدُ يَا مَنْ لَّمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ

يَا مَنْ لَّمْ يَزَلْ يَا هُوَ يَا هُوَ يَا هُوَ يَا هُوَ يَا مَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ، يَا كَانُ ،
يَا كَيْنَانُ ، يَا رُوْحُ ، يَا كَائِنُ قَبْلَ كُلِّ كَوْنٍ يَا كَائِنُ بَعْدَ كُلِّ
كَوْنٍ اِهْيًا اِشْرَاهِيًا اٰذُوْنِي اَدُبَاوُثُ يَا مُجَلِّيَ عَظَائِمِ الْاُمُوْرِ
سُبْحٰنَكَ عَلٰى حِلْمِكَ بَعْدَ عِلْمِكَ ، سُبْحٰنَكَ عَلٰى عَفْوِكَ بَعْدَ
قُدْرَتِكَ ، فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ عَلَيْهِ
تَوَكَّلْتُ وَ هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۝۱۲۹ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَهُوَ
السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ، اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ
سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۞ اللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا
إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۔
اللّٰهُمَّ وَارْضَ عَنْ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ اَجْمَعِيْنَ ، وَ عَنِ
التَّابِعِيْنَ وَتَابِعِيْهِمْ بِاِحْسَانٍ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ، وَلَا حَوْلَ وَلَا
قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَحَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔

حدیثِ دل

اَوراد و وظائف سے اللہ واسطے کی دلچسپی اور قلبی شغف رکھنے والوں کے لیے 'دعاے **حزبُ البحر**' ایک بیش بہا نعمت وخزانہ اور نہایت کارآمد ڈھال ہے، جس سے وہ بڑی بڑی مہمات سر کرتے اور دولتِ فتوحات سے بہرہ یاب ہوتے ہیں۔ آفات وبلیّات کے دفعیہ، اَعدا و حاسدین سے گلوخلاصی اور حاجاتِ دنیوی واُخروی کی برآری کے لیے یہ نہایت موثراور تیر بہ ہدف مانی گئی ہے۔ بہت سے اہل اللہ اس پر عامل ہونے کی برکت وفیض سے مقام ولایت کی منازل پاگئے ہیں۔

اَسلاف ومشائخ میں شاید ہی کوئی ایسا بزرگ ملے جس کے معمولات و روحانی معاملات میں حزب البحر شامل نہ ہواوراسے اپنے شیخ ومرشد سے اس کی باضابطہ اجازت حاصل نہ ہو۔ قریباً آٹھ سو سال سے شرق تا غرق جملہ سلاسل طریقت کے مشائخ وائمہ نے اسے حرزِ جان بنائے رکھا۔ اور پھر کیوں نہ ہوکہ یہ ایک ایسی رفیع المرتبت دعا ہے جو قطب ربانی امام ابوالحسن الشاذلی علیہ الرحمہ کے دل پر اِلقا کی گئی اور بارگاہِ رسالت مآب سے بطریقۂ اِستفاضۂ روحانیہ آپ کووصول ہوئی۔ الحمدللہ! اس دعا کے اندر مذکورہ قریباً تمام دعائیں ماثورہ ہیں، جن کا احادیث نبوی سے ثبوت ملتا ہے۔ اسی لیے ایک موقع پرامام شاذلی علیہ الرحمہ نے اس موہبتِ ربّانی اور عطاے رسول کا اِعتراف یوں کیا ہے :

واللهِ لقد أخذتُ من فم رسول الله ﷺ حرفًا حرفًا۔

یعنی خداوند قدوس کی قسم! اس مبارک حزب کو میں نے لفظ بہ لفظ معلم کائنات ﷺ کی زبانِ فیض ترجمان سے اَخذ کیا ہے۔

اسی لیے آپ اپنے مسترشدین و تلامذہ کو اس کی مواظبت و مداومت کا حکم دیا کرتے تھے بلکہ بعض مریدوں سے اس حزب کے متعلق آپ نے یہاں تک وصیت فرمادی کہ:

احفظوا لأولادكم، فإن فيه الاسم الأعظم۔

یعنی اپنی اولاد کو یہ حزب زبانی یاد کرواؤ؛ کیوں کہ اس میں اسم اعظم پوشیدہ ہے۔ (المفاخر العلیہ فی المآثر الشاذلیہ۔ احمد بن محمد بن عیاد محلی شافعی، مصر، المکتبۃ الازہریۃ للتراث، ۲۰۰۴ء، ص۱۸۵ تا۱۸۶)

حزبُ البحر کا پس منظر

حزب البحر کے شانِ ظہور کی بابت مندرجہ ذیل واقعہ اِمام شاذلی کے جملہ سوانح نگاروں نے نہایت شرح وبسط سے نقل کیا ہے کہ موسم حج میں جب اہل مصر کا قافلہ سوے حرمین شریفین روانہ ہوگیا تو آپ نے اپنے مریدین سے فرمایا کہ ہمیں غیب سے حج کا حکم ہوا ہے؛ لہٰذا سفر کے لیے جہاز کا انتظام کیا جائے۔ چوں کہ سارے جہاز تو عازمین حج کو لے کر روانہ ہو چکے تھے؛ اس لیے تلاشِ بسیار کے بعد ایک بوڑھے نصرانی کا جہاز ہاتھ لگا۔ آپ مریدین سمیت اسی پر سوار ہو گئے۔ ابھی جہاز کچھ ہی دور گیا ہوگا کہ مخالف ہوا

چلنا شروع ہوگئی، اور جہاز ہفتہ بھر وہیں لنگرانداز ہوکر موافق ہوا کا بے صبری سے انتظار کرتا رہا۔

اس بیچ بعض من چلے شیخ پر طعنہ زن بھی ہوئے اور کہا کہ وہ غیب سے حج پر جانے کے حکم کا کیا بنا؟ حد یہ کہ ہنوز ہم اپنی زمین بھی عبور نہ کرسکے۔ جہازبان بھی یہ غیر متوقع صورت حال دیکھ کر اہل قافلہ کو کوسنے لگا۔

یہ باتیں سن کر شیخ کو بڑا قلق ہوا اور عالم اضطراب میں قیلولہ کے واسطے لیٹے ہی تھے کہ قسمت بیدار ہوگئی اور مصطفےٰ جانِ رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ حکم ہوا کہ ابوالحسن! یہ دعا پڑھو۔

ایک روایت میں ہے کہ جہاز والوں کی سخت وسست باتیں سن کر آپ رجوع الی اللہ کے ساتھ مراقب ہوئے تو یہ دعا) حزب البحر (الہام ہوئی۔ آپ نے پڑھنا شروع کیا اور جہاز ران سے فرمایا کہ لنگر اُٹھادو۔ اس نے کہا کہ اگر لنگر اٹھادیا تو جہاز جدہ کی بجائے واپس قاہرہ پہنچ جائے گا۔

آپ نے فرمایا کہ لنگر اٹھاؤ اور قدرتِ خداوندی کا نظارہ کرو۔ آخرکار اس نے لنگر اٹھایا، توموافق ہوا اس قوت سے چلنا شروع ہوئی کہ جہاز کی رسیاں میخوں سے نہ کھولی جاسکیں، بلکہ انھیں کاٹنا پڑا۔ اور بہت تیزی سے آرام و عافیت کے ساتھ قافلہ منزل مقصود پر پہنچ گیا۔ یہ کرامت دیکھ کر نصرانی اور اس کے دو جوان بیٹے شیخ کے ہاتھ پر تائب ہوکر دائرۂ اسلام میں داخل ہوگئے۔)المفاخر العلیہ فی الماٰثر الشاذلیہ۔ احمد بن محمد بن عیاد محلی شافعی، مصر، المکتبۃ الازہریۃ للتراث، ۲۰۰۴ء، ص۱۸۶(

بعض روایتوں میں یہ بھی ہے کہ پھر شیخ نے اپنے ہمراہیوں کی طرف

مخاطب ہو کر فرمایا: فَضلِ الٰہی سے جس طرح ہمارا جہاز طوفان سے بہ سلامتی نکل گیا، اسی طرح ہر سچے مسلمان کی مصیبت کا جہاز دریاے آفات و مشکلات سے ان شاء اللہ بہ سلامت نکل جائے گا۔ یہ کلمات جو میرے قلب پر وارد ہوئے 'حزب البحر' ہیں۔

تعارف اِمام ابوالحسن شاذلی

آپ کا نام علی بن عبداللہ اور کنیت ابوالحسن ہے۔ معروف سلسلۂ طریقت 'شاذلیہ' کی بنا آپ ہی کے دست مبارک سے رکھی گئی۔ قریباً ۵۹۳ھ مطابق۱۱۹۷ء کو افریقہ کے ایک قصبہ عمارہ میں تولد ہوئے۔ وہاں سے آپ کے خاندان نے تیونس کے قریہ شاذلہ کی طرف رہائش اختیار کی، اسی نسبت سے آپ شاذلی کہلائے۔

آپ حضرت سیدنا عبدالسلام بن مشیش الحسنی علیہ الرحمہ کے دستِ حق پرست پر بیعت ہوئے،اور مجاہدات وسلوک کی منازل طے کرنے کے بعد خلافت واجازت سے مشرف ہوئے۔ حضرت شیخ ابوالحسن شاذلی نسبًا سادات بنی حسن سے ہیں۔ سترہ واسطوں سے آپ کا شجرۂ نسب سیدنا حسن بن علی رضی اللہ عنہما کے ساتھ جا ملتا ہے اور آپ کا طریقہ شاذلیہ بھی بواسطہ حضرت جابر جعفی حضرت سیدنا حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ تک منتہی ہوتا ہے۔

امام شاذلی کی ولادت اگرچہ سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی علیہ الرحمہ کی

وفات کے قریباً تیس سال بعد ہوئی؛ مگر آپ کے پیر طریقت شیخ مشیش نے حضرت شیخ ابو مدین مغربی سے کسب فیض کیا تھا، حضرت شیخ ابو مدین مغربی کی ملاقات سفر حجاز کے دوران شیخ عبدالقادر جیلانی سے بھی ہوئی تھی جنھوں نے انھیں خرقہ خلافت بھی عطا کیا اس لحاظ سے سلسلہ شاذلیہ سلسلہ قادریہ سے بھی جڑا ہوا ہے۔

آپ نے ابتدائی تعلیم اور فیضِ حفظ قرآن اپنے قصبہ عمارہ میں حاصل کیا، پھر مدتوں شاذلہ میں مصروفِ تحصیل علم و کمال رہے۔ حکمت و معرفت کی مزید طلب شاذلہ سے فاس کی طرف لے گئی، جہاں آپ نے یگانۂ روزگار اساتذہ سے منتہی علوم کا درس لیا، اور علم الاخلاق والتزکیہ کے زیور سے بھی مزین ہوئے۔ پھر مشائخ عراق سے شہدِ فیض کشید کرتے ہوئے اخیر میں تیونس پہنچے، جہاں شیخ المشائخ عبدالسلام بن مشیش نے آپ کے وجود کو منبع انوار اور مہبط فیض بنا دیا۔

روایات کے مطابق آپ مطالعے کے اس حد تک شوقین تھے کہ جوانی میں ہی آنکھوں کے عارضے کا شکار ہو گئے۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ آپ بصارت سے محروم ہو گئے تھے۔ اس کے بعد آپ کامل طور پر صوفیہ کے اُصولوں کے گرویدہ ہو گئے۔ آپ نے ایسے خدارسیدہ انسان کی زندگی بسر کی جو سیر و سیاحت کے دوران ذکر و فکر میں مشغول رہتے ہوئے خالق و مالک کے ساتھ دائمی وصال اور ابدی مسرت حاصل کرنے میں کوشاں ہو۔ آپ اپنے مریدین و مستفیدین کو زندگی کی تمام گھڑیاں عبادتِ الٰہی اور طاعتِ خداوندی میں صرف کر دینے کی تلقین کیا کرتے تھے، اور ریاضت و مجاہدہ کو

جاری رکھنے پر زور دیتے تھے۔

کلُّ ذِی نِعْمَةٍ مَحْسُوْدٌ کے تحت آپ کے فضل وکمال اور مقام بلند کو دیکھ کر بہت سے حاسدین پیدا ہو گئے، اور انھوں نے زندگی کے ہر موڑ پر آپ کا تعاقب کیا، ایذا رسانی کا کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہ دیا اور انتہا یہ کہ آپ پر گھناؤنے قسم کے الزامات لگانے سے بھی دریغ نہ کیا۔ لیکن آپ نے ہر موقع پر بس اتنا فرمایا کہ حسبنا اللہ ونعم الوکیل ۔

آپ کا مقام ومرتبہ بہت بلند ہے اور وقت کے کامل صوفیہ ومشائخ نے آپ کی توصیف وثنا کی ہے اور آپ کی عظمت وکرامت کا قصیدہ پڑھا ہے۔ اس کی تفصیلات المفاخر العلیہ کے صفحات پر دیکھی جا سکتی ہے۔ اس میں ایک مقام پر شیخ شاذلی کا ایک فرمان نقل ہے کہ 'اگر میری زبان پر شریعت کی لگام نہ ہوتی تو میں تمھیں کل اور پرسوں بلکہ قیامت تک ہونے والے اُمور کی خبر دے دیتا' ۔

نیز آپ نے اپنا علمی و روحانی جانشین اپنے تلمیذ خاص سیدنا شیخ ابوالعباس المرسی کو منتخب کیا تھا، جن کے عامل کامل، عاشق صادق، اور فنا فی الرسول ہونے کا عالم یہ تھا کہ فرمایا کرتے تھے :

والله لو حجب عنی رسول الله ﷺ طرفة عین ما عددت نفسی من المسلمین ۔

یعنی اگر رسول اللہ ﷺ) کا رخِ روشن (ایک لمحے کے لیے میری نگاہوں سے اوجھل ہو جائے تو میں اُس لمحہ خود کو مومن

تصور نہ کروں گا۔)المفاخر العلیہ فی المآثر الشاذلیہ۔ احمد بن محمد بن عیاد محلی شافعی، مصر، المکتبۃ الازہریۃ للتراث، ۲۰۰۴ء، ص ۲۲۔۔۔ لواقح الانوار فی طبقات الاخیار، امام شعرانی : ۲؍۱۳(

جبکہ شیخ سید محمد ابوالہدی الصیادی نے اپنی کتاب قلادۃ النحر فی شرح حزب البحر میں وضاحت کی ہے کہ یہ دراصل امام شاذلی کا ارشاد ہے، جو آپ عالم شوق و وارفتگی میں فرمایا کرتے تھے۔ اور ایسا ہونا عین ممکن ہے؛ کیوں کہ جب مرید صادق عرفان و فنائیت کے اس درجے پر فائز تھا تو شیخ کا عالم کیا رہا ہوگا!۔)ص : ۱۹۔ مطبوعہ مصر ۱۳۱۵ھ(

امام ابوالحسن الشاذلی نے زندگی میں کئی ایک حج و عمرہ کی سعادت پائی، اور آپ کی وفات حسرت آیات بھی آخری سفر حج کے دوران ۲۰؍ ذی قعدہ یا ماہِ شوال ۶۵۶ء مطابق ۱۸؍ نومبر ۱۲۵۸ء زندگی کی ترسٹھ بہاریں دیکھنے کے بعد)یعنی عمر محمدی پاکر(بروز دوشنبہ حمیثرا کے مقام پر بالائی مصر میں صحراے عیذاب عبور کرتے ہوئے ہوئی۔ وہیں آپ کی تدفین عمل میں آئی۔ پس انتقال آپ کی قبر انور سے کئی کرامات کا ظہور ہوا۔ آپ کا مزار صدیوں سے مرجعِ خلائق اور زیارت گاہِ انام ہے۔

قاضی اسکندریہ شیخ عماد الدین بیان کرتے ہیں کہ ہمارے یہاں ایک بدکار عورت رہا کرتی تھی، پس انتقال اسے نہایت عمدہ حالت میں دیکھنے کے بعد پوچھا گیا کہ تجھے یہ نعمتیں کیسے یسر آئیں؟ تو کہنے لگی کہ شیخ سید ابوالحسن الشاذلی واصل بحق ہوکر جب مقامِ حمیثرا میں دفن کیے گئے تو ان کی برکت

وکرامت سے اللہ تعالیٰ نے مشرق و مغرب کے تمام مُردوں کو بخش دیا اور الحمدللہ میں ان میں سے ایک ہوں۔ چنانچہ جب قافلۂ حجاج واپس ہوااور شیخ کے وفات کی خبر ملی تو تاریخ ملانے پر عورت کا واقعہ بالکل درست نکلا۔

)قلادۃ النحر فی شرح حزب البحر۔ ابوالہدیٰ الصیادی، ص : ۲۲۔ مطبوعہ مصر ۱۳۱۵ھ(

حزبُ البحر پڑھنے کے آداب و اِشارات

دعاے حزب البحر پڑھنے کا ایک خاص طریقہ روایتاً اور عملاً اہل اللہ سے منسوب ہوتا ہوا ہم تک پہنچا ہے؛ اس لیے مناسب معلوم ہوا کہ لگے ہاتھوں اس کے بعض ضروری آداب واشارات پر بھی روشنی ڈال دی جائے؛ تاکہ قارئین اس کی فتوحات وبرکات سے پورے طور پر فیض یاب ہوسکیں؛ کیوں کہ ان کا اہتمام کیے بغیر فوائد کا حصول ذرا مشکل ہے۔ یادرہے کہ یہ حزبِ مبارک صرف نیک و جائز کام نیز اللہ ورسول کی رضا کے لیے ہی پڑھا جائے، کسی کو ناحق تکلیف دینااور پریشان کرنا ہرگز مقصود نہیں ہونا چاہیے۔

نوٹ : دعاے اِعتصام و اختتام اصل حزب میں داخل نہیں، اور نہ قدماء سے یہ منقول ہیں۔ ممکن ہے کہ جب یہ ورد عملیات کی صورت میں لایا گیا تو اس فن کے ماہرین نے اس میں یہ اِضافہ کیا ہو۔ تاہم اس کا پڑھنا مشائخ سے ثابت ہے؛ لہٰذا کوشش کریں کہ حزب کو اعتصام واختتام کے ساتھ ہی پڑھیں؛ تاہم اگر عدیم الفرصتی یا کسی دوسری مجبوری کی وجہ سے کبھی پڑھنے سے رہ جائے تو حرج نہیں؛ لیکن حزب کا ناغہ نہیں ہونا چاہیے۔

بصورتِ ناغہ دوسرے دن اس کو مکرر پڑھے۔

دعاے اِعتصام کے اخیر میں حروفِ ہجا یعنی ا، با، تا کو آخر تک ایک سانس میں پڑھے، اور صاحب الحزب امام شاذلی علیہ الرحمہ کا تصور کر کے طالبِ اِمداد و فیض ہو۔

دعاے حزب البحر میں جب زِلْزَالًا شَدِيْدًا پڑھ چکے تو اپنی انگشت شہادت سے آسمان کی طرف اشارہ کرے۔

یوں ہی جب فَثَبِّتْنَا وَانْصُرْنَا پر پہنچے تو اپنے مطلب کا خیال دل میں لائے۔

كٓهٰيٰعٓصٓ کی تین بار تکرار کرے۔ اور ہر بار حرف کے مقابل داہنے ہاتھ کی انگلیوں کو بند کرے اور کھولے اور کشایش مطلب کا خیال رکھے۔ بند کرنے کا طریقہ یہ ہوگا کہ داہنے ہاتھ کی سب سے چھوٹی انگلی کو 'کاف' پر، اس کے بعد والی 'ھا' پر، اس کے بعد والی 'ی' پر، اس کے بعد والی 'عین' پر اور پھر اخیر میں انگھوٹے کو 'ص' پر بند کرے، اور بند رکھے۔ پھر دوسرے كٓهٰيٰعٓصٓ کے ساتھ اسی ترتیب سے کھول دے۔ اور تیسرے كٓهٰيٰعٓصٓ پر پہلے طریقے کے مطابق بند کرے، حتیٰ کہ جب اُنْصُرْنَا پر پہنچے تو پہلی انگلی، وَافْتَحْ لَنَا پر دوسری، وَاغْفِرْ لَنَا پر تیسری، وَارْحَمْنَا پر چوتھی اور وَارْزُقْنَا پر پانچویں انگلی مذکورہ ترتیب پر کھولتا جائے۔

یوں ہی جب يَسِّرْ لَنَا اُمُوْرَنَا پر پہنچے تو اپنے مطلب کا دل میں خیال رکھے۔

وَاطۡمِسۡ سے وَلَا یَرۡجِعُوۡنَ تک پڑھتے ہوئے دشمنوں اور شیاطین وغیرہ کو خیال میں لاکر داہنے ہاتھ کی مٹھی باندھ کر کے نیچے کو اشارہ کرے اور کھول دے۔

شَاهَتِ الۡوُجُوۡہ کو تین مرتبہ پڑھے اور ہر بار دل میں اپنے اعدا وشیاطین کا خیال رکھے کہ تباہ وبرباد ہوجائیں اور ہر دفعہ اُلٹا ہاتھ زمین پر مارے۔

حٰمٓ کو سات دفعہ پڑھے۔ پہلی بار پڑھ کر داہنی طرف پھونک مارے، دوسری بار پڑھ کر بائیں طرف، تیسری بار پڑھ کر سامنے، چوتھی بار پڑھ کر پیچھے، پانچویں بار پڑھ کر اوپر، اور چھٹی بار پڑھ کر نیچے دم کرے، پھر ہاتھ اٹھا کر یہ دعا کرے:

رَفَعۡتُ بِاَمۡرِ اللّٰهِ تعَالیٰ کُلَّ بَلَاءٍ وَ قَضَاءٍ یَجِیۡءُ مِنۡ هٰذِهِ الۡجِهَاتِ تَأۡمَنُ بِاذۡنِ اللّٰهِ تعَالیٰ مِنۡ جَمِیۡعِ الۡاٰفَاتِ وَالۡعَاهَاتِ

پھر جب ساتویں حٰمٓ کو پڑھے تو اپنے دونوں ہاتھ پر اندر کی طرف دم کرکے جہاں تک ہاتھ پہنچے اپنے پورے بدن پر پھیرے، اور یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ لَا تَقۡتُلۡنِی بِغَضَبِكَ وَلَا تُهۡلِكۡنِیۡ بِعَذَابِكَ وَعَافِنِیۡ قَبۡلَ ذٰلِكَ ۔ اَللّٰهُمَّ لَا تُؤَاخِذۡنِی بِسُوۡٓءِ عَمَلِیۡ وَلَا تُسَلِّطۡ عَلَیَّ مَنۡ لَّا یَرۡحَمُنِی وَکُفَّ اَیۡدِی الظّٰلِمِیۡنَ عَنِّیۡ ۔ یَا حَفِیۡظُ اِحۡفَظۡنِیۡ وَیَسِّرۡ اُمُوۡرِیۡ وَحَصِّلۡ مُرَادِیۡ۔

پھر جب آگے کٓھٰیٰعٓصٓ کِفَایَتُنَا پر پہنچے تو) پہلے کی طرح (ہر حرف کے مقابل سیدھے ہاتھ کی انگلیاں بند کرکے کِفَایَتُنَا پڑھے۔ اور پھر حٰمٓ عٓسٓقٓ پڑھتے وقت کھول دے، ہر حرف کے ساتھ اسی ترتیب سے کہ جس طرح بند کی تھیں۔

آمین کو تین مرتبہ پڑھے اور ہر بار دونوں ہاتھوں کو زمین پر مارے اور قبولیت دعا کی کامل اُمید رکھے۔

نوٹ: جہاں جہاں مقہوریِ اعدا کا تصور ہے، اگر تو واقعتاً کوئی مال و جان یا عقیدہ وایمان کا دشمن بنا ہوا ہے تو اس کو تصور میں لاکراس سے چھٹکارا پائے؛ ورنہ شیطان لعین کا خیال کرے۔

حزبُ البحر کے چند فوائد وخواص

حزب البحر شریف کے فیوض وبرکات اور فوائد وکرامات بے شمار ہیں؛ خصوصاً جذبِ دوست، دفعِ اعدا، شفاے مریض، امن طریق، سلامتی سفر، حفظ کشتی، اداے قرض، کشایش بخت دختراں، حصولِ تونگری، زیادتیِ فہم، شرحِ سینہ، کمالِ معرفت، سلامتی ایمان از غارتِ شیطان اور تسخیر سلاطین وغیرہ کے لیے از بس مجرب وآزمودہ ہے۔

اس کے کثیر الفوائد ہونے کا اندازہ اس سے لگائیں کہ امام شاذلی علیہ الرحمہ کو اس متبرک دعا کی تاثیر وتنفیذ پر ایسا کامل یقین تھا کہ فرمایا کرتے تھے: اگراہلِ بغداد میرا یہ حزب پڑھ لیتے تو تاتاریوں کے ہاتھوں لٹنے پٹنے کی قیامت سے بچ جاتے، اور دارالسلام کا سہاگ اُجڑنے نہ پاتا۔ یہ حزب

درحقیقت وفا ہونے والا ایک وعدہ اور حفاظت کرنے والی ایک ڈھال ہے۔ اس کو پڑھنے سے سلوک و معرفت کی راہیں وا ہوجاتی ہیں اور سالک' منزلِ مقصود بجلد کو پالیتا ہے۔

علامہ ابن عیاد الشافعی علیہ الرحمہ نے اپنے تجربات و مشاہدات کی روشنی میں لکھا ہے، نیز حاجی خلیفہ نے بھی کشف الظنون میں بعض فوائد کی طرف نشان دہی کی ہے کہ جو کوئی اسے طلوعِ آفتاب کے وقت پڑھے:

- اللہ سبحانہ وتعالیٰ اس کی دعا کو قبول کرلے گا۔
- اس کی تکالیف کو دفع فرمادے گا۔
- اس کے سینے کو نورِ توحید سے معمور کردے گا۔
- لوگوں کے درمیان اس کی قدرومنزلت کو بڑھادے گا۔
- اس کے ہر کام نہایت آسان ہوجائیں گے۔
- اس کی تنگدستی کشادگی میں تبدیل ہوجائے گی۔
- جن وانس کے شر وفساد سے امان پالے گا۔
- اور آسمان وزمین کی بلاوں سے محفوظ کردیا جائے گا۔
- یہ ہر مد مقابل کے خلاف دعاے غلبہ ونصرت ہے۔
- اس کا پڑھنے والا اپنے ظاہری و باطنی دشمنوں پہ غالب آجائے گا۔
- رزق میں برکت و فراوانی ہوتی ہے۔
- مقدمات میں فتح و نصرت حاصل ہوتی ہے۔
- جس مکان میں یہ حزب پڑھا جائے وہ بلاؤں سے محفوظ ہوجاتا ہے۔
- گھر کی دیوار پر اگر اسے لکھ کرٹانگ دیا جائے تو وہ ہر قسم کے حادثات و آفات سے محفوظ رہے گا۔

حزب البحر سے خصوصی اِستفادہ

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی اور دیگر نامور مشائخ وعاملین نے دعاے حزب البحر نیز اس کے بعض دعائیہ کلمات سے مختلف حاجات اور گوناگوں فوائد و ثمرات کے حصول کا کام لیا ہے، اس لیے یہاں ان میں سے بعض مہتم بالشان کی نشان دہی کی جاتی ہے:

براے حفاظت: اگر بادشاہ یا حکومت کی طرف سے کسی طرح کے نقصان وزیاں کا خطرہ ہو یا کسی ایسے مقام پر ہو جہاں درندوں کے حملے کا اندیشہ ہو تو سات مرتبہ دعاے حزب البحر پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر پھونک مارے اور پھر اسے اپنے پورے جسم پر مل لے۔

رُکے ہوئے کام کے لیے: اگر کوئی کام رکا پڑا ہو تو کسی تنہا اور صاف جگہ پر غسل کے بعد دو رکعت نماز پڑھے اور سلام کے بعد پانچ یا سات مرتبہ دعاے حزب البحر پڑھے۔

جذباتِ محبت پیدا کرنے کے لیے: شریعت کی حدود میں رہتے ہوئے اگر کسی کے دل میں اپنے لیے محبت پیدا کرنا چاہے تو سات یا بارہ دفعہ دعاے حزب البحر پڑھ کر گلاب پر پھونک دے اور پڑھنے کے دوران جب هَبْ لَنَا پر پہنچے تو ستر بار پڑھے: يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ۔ اور اس کے بعد نام لے کر کہے کہ اے خدا! فلاں بن فلاں کے دل میں میرے لیے جذباتِ محبت پیدا فرما دے۔ تین دن اسی

ترتیب سے پڑھے اور جب اس شخص کے سامنے جائے تو تھوڑا سا گلاب ہتھیلی پر مل کر اپنے چہرے پر مل دے۔

سکونِ خانہ: اگر گھر والوں یا میاں بیوی میں جھگڑا رہتا ہو تو ستر مرتبہ مَرَجَ الۡبَحۡرَیۡنِ یَلۡتَقِیٰنِ پانی پر دم کرکے پلا دیا جائے، اللہ نے چاہا تو گھر امن و آشتی کا گہوارہ بن جائے گا۔

برائے نفرت: اگر کسی سے ناجائز تعلقات قائم ہو گئے ہوں تو ستر مرتبہ بَیۡنَہُمَا بَرۡزَخٌ لَّا یَبۡغِیٰنِ پانی پر پڑھ کر پلایا جائے، یا اکتالیس مرتبہ نمک پر دم کرکے اسے آگ میں جلا دیا جائے۔

دشمن سے اِنتقام کے لیے: اگر دشمن سے انتقام منظور ہو تو بارہ دن تک ہر روز تیس مرتبہ دعاے حزب البحر پڑھے اور جب وَ اطۡمِسۡ عَلٰی وُجُوۡہِ اَعۡدَآئِنَا پر پہنچے تو ستر مرتبہ کہے: یَا قَاهِرُ ذَا الۡبَطۡشِ الشَّدِیۡدِ اَنۡتَ الَّذِیۡ لَا یُطَاقُ اِنۡتِقَامُهٗ یَا قَاهِرُ۔ بعد ازاں کہے: اے خدا! فلاں کو اپنے قہر میں مبتلا کر، اس کی زبان، آنکھ اور کان کو بند کر دے تاکہ مجھے کوئی ضرر نہ پہنچے۔

اِفاقۂ مرض کے لیے: کسی مریض کے دفعیہ مرض کیلیے بارہ دن تک ہر روز بارہ مرتبہ دعاے حزب البحر پڑھے اور جب بِسۡمِ اللّٰهِ الَّذِیۡ لَا یَضُرُّ پر پہنچے تو ستر بار پڑھے: وَ نُنَزِّلُ مِنَ الۡقُرۡاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحۡمَةٌ لِّلۡمُؤۡمِنِیۡنَ۔ اور پھر کہے: اے شافی! فلاں بن فلاں کو شفا بخش دے۔

حکومت میں اثر و رسوخ کے لیے: سلاطین، امرا اور ارکان

حکومت کی تسخیر کی غرض سے بارہ دن تک ہر روز بارہ مرتبہ دعاے حزب البحر پڑھے اور جب یَا مَنْ بِیَدِہٖ مَلَکُوْتُ کُلِّ شَیْءٍ پر پہنچے تو ستر بار یَا عَزِیْزُ پڑھے اور پھر کہے: اے اللہ! مجھے فلاں بن فلاں کی نگاہ میں عزیز کر دے۔ بعد ازاں تین مرتبہ سورۂ اِنَّآ انزَلنٰہ پڑھے اور عمل پورا ہونے کے بعد جب اس حاکم یا امیر کی طرف جائے تو ایک بار اس دعا کو پھر پڑھ لے۔

حصولِ غنا اور تونگری کے لیے: تنگی رزق کا مارا تین دن میں ہر روز بیس بار دعاے حزب البحر پڑھے اور جب وَانْشُرْھَا عَلَیْنَا مِنْ خَزَآئِنِ رَحْمَتِكَ پر پہنچے تو ستر بار کہے: یَا غَنِیُّ یَا رَزَّاقُ اُرْزُقْنِیْ رِزْقًا طَیِّبًا وَاسِعًا بِغَیْرِ حِسَابِ۔ اور ہر روز سات فقیر کو کھانا اور مٹھائی کھلائے تاکہ اس پر فتوحات کے دروازے کھل جائیں۔

قرض کی ادائیگی کے لیے: قرض نے پریشان کر رکھا ہو تو تین یا بارہ دنوں میں ہر روز پندرہ بار دعاے حزب البحر پڑھے اور جب اُنْصُرْنَا پر پہنچے تو کہے: اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ وَ بِطَاعَتِكَ عَنْ مَّعْصِیَتِكَ۔

قرض کی وصولی کے لیے: اگر کوئی قرض دبا لے اور ادائیگی میں ٹال مٹول سے کام لے تو ستر مرتبہ وَ اللّٰہُ مِنْ وَّرَآئِھِمْ مُّحِیْطٌ پڑھے، توجہ مقروض کے قلب کی طرف ہو۔ ان شاء اللہ جلد ہی اپنا قرض پا لے گا۔ عمل مدتِ حصولِ مراد تک ہے۔

دروازے کی برکت : اگر بِسْمِ اللّٰهِ بَابُنَا کسی پتھر یا کسی اور دھات یا کاغذ پر لکھ کر اپنے گھر کے دروازے پر لگا دیا جائے تو اس سے باذن اللہ بہت برکت ہوگی اور گھر کی بلائیں دور ہوجائیں گی۔

نوٹ : دعاے حزب البحر کے مزید فوائد و برکات جاننے نیز مختلف اہم مقاصد کے حصول کے لیے اس کی شروحات کی طرف رجوع کیا جائے؛ تاہم یاد رہے کہ جس طرح خمیرہ مروارید کا پورا فائدہ اس شخص پر مرتب ہوتا ہے جو زہر کھانے سے احتیاط کرتا ہے، اسی طرح ان فضائل سے مکمل طور پر وہی لوگ نفع اندوز ہوتے ہیں جو گناہوں سے بچنے کا اہتمام کرتے ہیں اور اگر کبھی احیاناً خطا ہوگئی تو فوراً توبہ واستغفار سے اس کی تلافی کر لیتے ہیں۔ لہٰذا اوراد ووظائف سے نفع کامل حاصل کرنے کے لیے گناہوں سے بچنے کا اہتمام اشد ضروری ہے۔

حزب البحر کی تعددِ روایات

دعاے حزب البحر کا دائرۂ شہرت عالم گیر ہے اور اپنی اپنی توفیق و بساط کے مطابق ہر کوئی اس سے مستفید ہونے کی کوشش کرتا ہے۔ مصنف کے عہد ہی میں اس کی مقبولیت ہو چکی تھی اور اہل اللہ اس پر مواظبت کرنے لگے تھے۔ چوں کہ مختلف طرق سے اس کی کئی روایتیں کتب وظائف میں موجود ہیں؛ اس لیے اس کے بہتیرے نسخوں میں بعض الفاظ کی کمی بیشی پائی جاتی ہے۔ مثلاً بعض میں آغاز اللّٰھمَّ یا اللہ سے ملتا ہے، بعض اللّٰھُمَّ کے

ساتھ پائی جاتی ہیں، جب کہ بعض یا علی سے شروع ہوتی ہیں۔ یوں ہی درمیانِ دعا میں بھی بعضے الفاظ کا ہیر پھیر موجود ہے۔ تاہم علماے عرب و عجم کی کتب کے مطالعہ کے بعد ہمیں سب سے زیادہ مناسب وہ روایت معلوم ہوئی جو عارف باللہ شیخ احمد زروق علیہ الرحمہ کے طریق سے مروی ہے، اور یہی اکثر مشایخ کے یہاں مقبول و مروّج بھی ہے؛ لہٰذا وہی روایت ہم نے یہاں درج کی ہے۔

طریقۂ اَدائیگی زکوٰۃ

اگر کوئی حزب البحر کا عامل بننا چاہے تو پہلے اس کی زکوٰۃ اَدا کرے۔ زکوٰۃ کی ادائیگی) یا نصاب دینے (کے کتابوں میں مختلف طریقے بیان ہوئے ہیں۔ زکوٰۃِ کبیر، زکوٰۃ متوسط، اور زکوٰۃِ صغیر۔ ان میں سے ہر ایک کی زکوٰۃ و نصاب جداگانہ ہے؛ تاہم اس کا ایک آسان طریقہ اہل عمل نے یہ رکھا ہے کہ سال بھر تک بلا ناغہ حزب کو ایک بار پڑھ لیا کرے، اور اس میں گائے کے گوشت کے سوا کسی حلال چیز سے پرہیز نہیں۔ گویا اس طریقے سے جب زکوٰۃ یا نصاب ادا کیا جائے تو اس کے بعد روزانہ ایک بار بعد نمازِ عصر حزب کو پڑھ لیا کرے اور گائے کے گوشت سے ہمیشہ پرہیز رکھے۔) تسخیر مہر و قمر اعمالِ حزب البحر : ۵۹، نئی دہلی (

زکوٰۃ کا ایک آسان طریقہ یہ بھی ہے کہ ماہِ صفر کی ۶، ۷، ۸ تاریخ کو ترک

جمالی و جلالی کی رعایت کے ساتھ حالت احرام میں معتکف ہوکر آپ حزب البحر کو تین سو ساٹھ بار پڑھ لیں اور تکمیل پر حسب توفیق قربانی پیش کردیں، یوں آپ کی زکوۃ نکل جائے گی اور آپ عامل بن جائیں گے؛ لیکن اگر کوئی صرف صاحب ورد ہونا چاہتا ہے تو اس میں ترک جلالی وجمالی کی کوئی قید نہیں، نہ ہی اعتکاف واحرام کی شرط ہے، بس مذکورہ تین دنوں میں حزب البحر کو تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھ لینا کفایت کرے گا۔

علما و عوامِ برصغیر کا حزبُ البحر سے اِعتنا

حزب البحر کی تلاوت ومداومت صرف انسانوں ہی کے درمیان مروّج ومعمول نہیں بلکہ جناتوں کا بھی یہ بہت مقبول وظیفہ رہا ہے اور بڑے بڑے عالم فاضل جنات اس کو اپنے ورد میں رکھتے ہیں۔ برصغیر ہند و پاک میں حزب البحر کی تلاوت کی قدیم روایت رہی ہے۔ یہاں کے علما وصوفیہ اور خواص وعوام نے ہر دور میں اس کی قراءت کو حرزِ جان بنایا ہے، اور اس کے بے پایاں فیوض وبرکات سے لطف اندوز ہوتے رہے ہیں۔

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی اس کے بہت بڑے عامل تھے اور آپ نے فارسی میں اس کی ایک نہایت عالمانہ وعارفانہ اور معرکۃ الآرا شرح بھی قلم بند کی ہے، جو ہوامع کے نام سے طبع ہوکر مقبول خاص وعام ہوئی۔

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا محدث بریلوی کے وظائف میں بھی دعاے حزب البحر شامل تھی۔ اور آپ کے سلسلے میں اس کی تلاوت ومواظبت کا عام معمول تھا۔ اعلیٰ حضرت فتاویٰ رضویہ کے اندر حزب البحر کی اہمیت کو

اجاگر کرتے ہوئے عارف باللہ مرزا مظہر جانجاناں کے ایک مکتوب کے حوالے سے نقل کرتے ہیں :

دعاے حزب البحر وظیفہ صبح وشام و ختم حضرات خواجگان قدس اللہ اسرارہم ہر روز بجہت حل مشکلا ت باید خواند۔)کلمات طیبات ملفوظات مظہر جان جاناں مطبع مجتبائی دہلی ص ۴۷(

یعنی دعاے حزب البحر صبح وشام کا وظیفہ اورحضرات خواجگان قدس اللہ اسرارہم کا ختم شریف مشکلات کے حل کے لیے ہر روز پڑھنا چاہیے۔)فتاویٰ رضویہ : ۳۰/۳۸۴(

سند واِجازت کی اہمیت

حزب البحر یا دیگر وظائف اگر بلا اجازت پڑھے جائیں خواہ بطریقِ دُعا یا بطریقِ ذکر تو ثواب تو ہوتا ہے اور مقصود بھی بر آتا ہے؛ لیکن اثرِ باطنی میں کمی واقع ہوتی ہے ،اور دیگر ثمرات میں بھی کمی کا اندیشہ ہوتا ہے؛ لیکن یہ بات ذہن میں رہے کہ تحصیل اجازت کسی پر شرعاً واجب نہیں ہے۔ہاں! سندو اجازت پا لینے کی۔سبحان اللہ۔ بات ہی کچھ اور ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اہل اللہ کا ہمیشہ سے یہ معمول رہا ہے کہ وہ اپنے شیوخ واساتذہ سے اجازت یافتہ ہوکر اورادو وظائف کی تلاوت و مداومت کیا کرتے تھے۔ امام عبدالوہاب شعرانی علیہ الرحمہ (م۹۷۳ھ) نے اہمیتِ سند پر روشنی ڈالتے ہوئے بڑے پتے کی بات فرمائی ہے :

اعلم أن من لم يعرف أباه وأجداده فى الطريق

وهو دعی و ربما انتسب إلی غیر أبیه فیدخل فی قوله ﷺ: لعن الله من انتسب إلی غیر أبیه۔

یعنی یہ بات جان لینی چاہیے کہ جسے طریقت میں اپنے آباو اَجداد) شیوخ واکابر(کا پتا نہ ہو وہ بس کھوکھلا دعویٰ رکھنے والا ہے۔ بسا اوقات تو ایسا بھی ہوجاتا ہے کہ نادانی کی وجہ سے وہ غیر اَب سے منسوب ہوکراس وعید نبوی کا مصداق ٹھہرتا ہے کہ 'اللہ اس شخص پر لعنت کرے جو اپنے باپ کے علاوہ کسی اور کی طرف اپنی نسبت کرتا ہے'۔)المفاخر العلیہ فی المآثر الشاذلیہ۔ ابن عیاد محلی شافعی، مصر، المکتبۃ الازہریۃ للتراث، ۲۰۰۴ء، ص ۱۶۳(

عرفا وصوفیہ کا یہ شیوہ بھی رہا ہے کہ جب کوئی طالب شوق ان سے کسی ورد کی اجازت وسند کا آرزومند ہوتا تھا تو وہ اس کے حسب حال اسے نواز دیا کرتے تھے۔ اس کا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ اس سے برکت وتاثیر میں اِضافہ ہوجاتا ہے اور توجہ وفیض اوپر تک متصل ہوجاتا ہے؛ اس لیے مناسب یہی ہے کہ کسی صاحب اجازت سے اس دعا کے پڑھنے کی اجازت لے لی جائے۔ توفیق الٰہی شامل حال ہو تو حزب البحر کا چلہ بھی کرلیا جائے، اس کی زکوٰۃ بھی نکال دی جائے اوراس کی باقاعدہ سند متصل بھی لے لی جائے۔

اس کم سواد فقیر قادری کو دنیا جہان کے اہل اللہ اور اکابر ومشایخ سے جو تبرکات و فیوضات اور اجازات وسندات موصول ہوئی ہیں، ان میں حزب البحر کی سند عالی بھی ہے جو اٹھارہ زرّیں واسطوں سے صاحب الحزب، قطب ربانی امام ابوالحسن الشاذلی علیہ الرحمہ تک پہنچ جاتی ہے۔

اس سے قبل دلائل الخیرات شریف کی سند عالی کی توزیع کا سلسلہ

شروع ہوا تو اَرباب ارادت وطلب نے جس دلچسپی وقدردانی کا مظاہرہ کیا اور ہزارہاہزار کی تعداد میں اس کے نئے قارئین بڑھے اس سے محسوس ہوا کہ عوام وخواص میں آج بھی دینی غیرت، روحانی تشنگی اوراد ووظائف پڑھنے کا جذبہ موجود ہے، بس ذرا سا مہمیز دینے کی ضرورت ہے، پھر دیکھیے کہ یہ چنگاری باذن اللہ کس طرح شعلہ جوّالہ بنتی ہے!۔

اللہ توفیق دے تو حزب البحر پر مداومت برتنی چاہیے، خصوصاً اسلامیانِ ہند کو، جن کے وجود کے لالے پڑے ہوئے ہیں، ایک قیامت کا سماں ہے اور برادرانِ وطن جیسے قہرِ تاتار بن کر ہم پر مسلط ہو گئے ہوں۔ اس لیے موجودہ عہد حکومت میں ہمارے لیے اس کی تلاوت و مواظبت کی اہمیت اور زیادہ بڑھ جاتی ہے۔ لہٰذا اگر ہمیں باعزت طریقے سے ہندستان میں اپنے وجود کو باقی رکھنا ہے، پیش آمدہ نسلوں کے ایمان وعقیدے کو تحفظ دینا ہے اور مفسدین ومعاندین کی ریشہ دوانیوں سے گلو خلاصی پانا ہے تو ہمیں پنج وقتہ نمازوں کی باجماعت پابندی، خلق خدا کے ساتھ معاملات کی بہتری، اور عملی مسلمان بننے کی کوشش کے ساتھ کچھ وقت بہرحال حزب البحر اور اسی انداز کے دیگر وظائف واعمال پر بھی صرف کرنے کی ضرورت ہے۔ قدرت کا یہ فیصلہ ہمیشہ پیشِ نگاہ رہے:

اِنَّ اللّٰہَ لَا یُغَیِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰی یُغَیِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ (سورۂ رعد: ۱۳/۱۱)

خدا نے آج تک اُس قوم کی حالت نہیں بدلی
نہ ہو جس کو خیال آپ اپنی حالت کے بدلنے کا

Allah helps those who help themselves.

یعنی اللہ کی مدد انھیں کے شاملِ حال ہوتی ہے جو اپنی مدد آپ کرتے ہیں۔

خواجہ حسن نظامی دہلوی نے تقسیم ہند کے موقع پر مسلمانوں پر ٹوٹنے والی قیامت کا مشاہدہ کیا تھا، اور عامل حزب ہونے کے ناطے مسلمان ہند سے ایک وصیت کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ ہندستان ان دنوں نہایت ناگفتہ بہ حالات سے گزر رہا ہے؛ لہٰذا گھر گھر حزب البحر کی تلاوت کا اہتمام ہونا چاہیے اور اس کے فیض و نور میں حصہ ڈالنا چاہیے۔ نیز انھوں نے عاملینِ حزب البحر کی بہت سی حیرت انگیز کرامات اور زندہ واقعات کا تذکرہ اپنی کتاب 'تسخیر مہر و قمر اعمالِ حزب البحر' میں تفصیل سے کیا ہے۔

دعا ہے کہ اللہ جل مجدہ ہمیں اپنی طاعت و بندگی کا ذوق، خلق خدا کی خدمت کا جذبہ، اَدائیگی حقوق کی ہمت اور زندگی کے لمحے لمحے کو اپنی اور اپنے پیارے محبوب ﷺ کی رضا کے کاموں میں صرف کرنے کی توفیق مرحمت فرمائے۔ دنیا جہان میں امن و امان قائم ہو۔ ممالک اسلامیہ کے سلاطین کو دینی غیرت و حمیت ملے خصوصاً اسلامیانِ برصغیر کے جان و مال کا تحفظ ہو۔ اعدا و معاندین کو ہدایت نصیب ہو؛ یا پھر نمونۂ عبرت بن جائیں۔

مولاے کریم ہمارے اس عاجزانہ عمل کو شرفِ قبول عطا کرے، اور اس کی بے پایاں برکتوں سے ہم سب کو شادکام فرمائے۔ آمین یارب العالمین بجاہ سید الانبیاء والمرسلین علیہ وعلیٰ آلہ اکرم الصلوٰۃ والتسلیم

طالب عفو و کرم

محمد افروز قادری چریاکوٹی

۲۱، ذی القعدۃ الحرام ۱۴۴۲ھ۔۔۔ ۳، جولائی ۲۰۲۱ء بروز شنبہ